ICI PAKISTAN LTD.

# ہمقدم

آئی سی آئی پبلی کیشن کا سہ ماہی جریدہ

جلد نمبر ۶ شمارہ نمبر ۲ جولائی تا ستمبر ۲۰۱۶

A Part of YBG











# چیف ایگزیکٹو کا خطاب



آصف جمعہ چیف ایگزیکٹو آئی سی آئی پاکستان نے 7 ستمبر کو ہیڈ آفس کراچی سے وڈیو لنک کے ذریعے آئی سی آئی پاکستان کی تمام لوکیشنز پر موجود اسٹاف سے خطاب کیا اور انھیں کمپنی کی ترقی کی رفتار اور کارکردگی کے بارے میں اعتماد میں لیا، خطاب کا موضوع تھا رفتار کا تسلسل (Sustaining Velocity) یعنی ہم نے سال 2012-2013 میں جو نیا سفر شروع کیا تھا اس کی رفتار اس وقت کیا ہے اور ہم کہاں کھڑے ہیں۔

حسب معمول کمپنی کی اقدار اور ایچ ایس ای کی صورت حال کے بارے میں گفتگو شروع ہوئی جس میں تمام بزنسز اور ہیڈ آفس کے ایچ ایس ای کے حوالے سے اعداد و شمار کے بارے میں آگاہ کیا جس کے بعد کمپنی کی مالیاتی کارکردگی کے بارے میں تفصیل سے شرکاء کو بتایا، انہوں نے کہا کہ ہمارے سوڈا ایش، لائف سائنسز اور کیمیکلز بزنسز نے سال 2016-2015 کے دوران نہایت شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے جبکہ توانائی کی قیمتوں میں کمی کی وجہ سے ہمارے پولیئسٹر اور سوڈا ایش بزنس کو فائدہ پہنچا۔ اس کے علاوہ انھوں نے سوڈا ایش اور پولیئسٹر میں توانائی اور توسیعی منصوبوں کی رفتار کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔

انفرادی بزنسز کی کارکردگی کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ہمارے بزنسز کی کارکردگی ان کی ترقی کی جانب سفر کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ سوڈا ایش نے گزشتہ سال کے مقابلے میں 10 فیصد زیادہ سیلز اور 9 فیصد زیادہ پیداوار کی ہے۔ ڈینس ایش اور سوڈیم بائی کاربونیٹ کے نئے توسیعی منصوبے شروع ہوگئے جس کے ساتھ ساتھ متبادل توانائی کے مزید منصوبوں پر بھی کام کا آغاز اس سال کے دوران شروع کر دیا گیا۔ اس دوران ہم نے نمک کی کانوں کی آئندہ سالوں کیلئے لیز بھی حاصل کر لی ہے تا کہ ہم اپنی کانوں سے نمک حاصل کر سکیں۔

پولیئسٹر بزنس کے بارے میں انھوں نے کہا کہ ہماری کوششوں کی وجہ سے حکومت نے پولیئسٹر فائبر پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی 6 فیصد سے بڑھا کر 7 فیصد کر دی اس کے ساتھ ساتھ ہم نے نہایت کامیابی سے چائنیز ایکسپورٹرز کے حوالے سے اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کا دفاع کیا۔ ہماری سی پی پروڈکشن دوسری ششماہی میں بہت اچھی رہی۔ پولیئسٹر فائبر کی نئے پروڈکٹ بلیک فائبر مارکیٹ میں تیزی سے مقبولیت حاصل کر رہی ہے اور اب تک 30 فیصد مارکیٹ شیئرز حاصل کر چکی ہے اس دوران ہم نے اپنی قیمتوں کو بھی مستحکم رکھا ہے۔

لائف سائنسز کے بارے میں انھوں نے کہا کہ بزنس کی مجموعی سیلز میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 13 فیصد اضافہ ہوا جو کہ نہایت شاندار ہے۔ بزنس نے پہلی مرتبہ ایک بلین روپے EBIT سنگ میل عبور کیا ہے۔ بزنس کے تمام ڈویژن نے اپنی سیلز میں گزشتہ ریکارڈ توڑے ہیں۔ ہمارے اینیمل ہیلتھ کی فارمز چوائس کا مشہور برانڈ وانڈا کی فروخت بجٹ کے مقابلے میں 23 فیصد زیادہ رہی جبکہ ایگری ڈویژن کے دونوں شعبے ایگرو کیمیکلز اور ویجیٹیبل سیڈز کی سیلز میں 27 فیصد اضافہ دیکھنے میں آیا، ہمارے فارما سیوٹیکلز ڈویژن کے نیوٹریسکلز مینوفیکچرنگ کو ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی کی جانب سے رجسٹریشن کا عبوری سرٹیفکٹ مل چکا ہے اور اس کے علاوہ ہمارا اینیمل ہیلتھ ڈویژن بوائن جینیٹک بزنس میں قدم رکھ چکا ہے۔

کیمیکلز بزنس کے بارے میں بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کے بزنس نے اپنی بہترین مالیاتی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے جس کے مطابق بزنس کی نیٹ سیلز انکم 3.981 ملین رہی۔ اس شاندار کارکردگی کا سہرا ہمارے پی یو اور ایس سی کے شعبوں کے سر ہے۔ بزنس نے 5 ملین مین آورز بغیر کسی حادثے اور وقت کے ضیاع کے مکمل کیئے ہیں۔ اسٹاف کی کارکردگی اور حال ہی میں کیئے گئے امپاور سروے کے نتائج کے بارے میں بڑی تفصیل سے اسٹاف کو آگاہ کیا۔ نٹرکو پاکستان کے بارے میں گفتگو کا آغاز کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اس سال بزنس میں بہترین اضافہ دیکھنے میں آیا جس کی وجہ مورینا گا کا مشہور برانڈ بی ایف 3 فارمولا کی فروخت میں گزشتہ سال کے مقابلے میں شاندار اضافہ ہے۔ جبکہ دیگر برانڈز کی نئی پیکیجنگ اور اشتہاری مہم ہم سب مختلف جگہوں پر دیکھ ہی رہے ہیں۔ کمپنی کی سماجی بہبود کے منصوبوں میں سرمایہ کاری اور ذمہ داریوں کی ادائیگی کے حوالے سے شرکاء کو اعتماد میں لیتے ہوئے انھوں نے کہا کہ کھیوڑہ میں لیڈیز ویلفیئر کی نئی بلڈنگ کا افتتاح ہو چکا ہے۔ اور اب وہاں کھیوڑہ کی لڑکیاں اور خواتین سلائی، کڑھائی اور کھانا پکانے کے ہنر زیادہ بہتر طریقے سے سیکھ سکتی ہیں۔ اب ہم اس سینٹر کو ٹیوٹا پنجاب سے بھی منسلک کرنے جا رہے ہیں۔ اس کے علاوہ ہم نے کھیوڑہ ٹاؤن ہی میں ہمقدم کمیونٹی کلینک قائم کیا ہے جو کہ کراچی کے فلاحی ادارے میری ایڈیلیڈ لیپروسی سینٹر کی زیر نگرانی کام کرے گا۔ اس کلینک میں ماں، بچہ اور خواتین کی صحت کے حوالے سے دیگر مسائل کو لیڈی ڈاکٹر کے ذریعے دیکھا جائیگا۔ اس کلینک کا آغاز 15 فروری 2016 سے ہوا ہے اور اب تک 2740 خواتین اور بچے اس سہولت سے فائدہ حاصل کر چکے ہیں۔ کلینک کی خاص بات یہ ہے اس کو ایک نہایت اعلیٰ معیار کی ایمبولینس بھی آئی سی آئی فاؤنڈیشن نے مہیا کی ہے۔ جو کہ حمل اور زچگی کے علاوہ علاقے کی خواتین کو کسی ہنگامی حالت میں قریبی شہروں کے بڑے اسپتالوں میں منتقل کرنے میں استعمال ہوگی۔ کراچی کے حوالے سے انھوں نے کہا کہ آفس کی سی ایس آر ٹیم نے لیاری میں ایم ایس آفس اور انگلش لینگویج کورس اور بنیادی الیکٹریکل وائرمین کورس کا انعقاد کیا۔ یہ تینوں کورسسز لیاری میں قائم عبداللہ ہارون ووکیشنل ٹریننگ سینٹر میں شروع کئے گئے۔ ایم ایس آفس اور انگلش لینگویج کورس میں 200 سے زائد طلباء اور طالبات نے حصہ لیا جس میں طالبات کی تعداد 65 فیصد تھی۔ جبکہ الیکٹریکل وائرمین کورس میں 20 لڑکوں نے داخلہ لیا۔ دونوں کورسسز کی مدت تین ماہ تھی۔ اس کے علاوہ ہمارے اسٹاف اور رضاکاروں نے یومِ ارض اور عالمی ماحولیاتی دن کے موقع پر شجرکاری مہم میں بڑے جوش و خروش سے حصہ لیا۔ اور مجموعی طور پر اس سال کے دوران ہم نے 11000 سے زائد پودے لگائے۔ ماحول کے تحفظ کیلئے شجرکاری مہم میں حصہ لینا ہمارے نصب العین کا حصہ ہے کیونکہ صاف ماحول ہی ہم کو تازہ ہوا دے سکتا ہے۔ تقریب کے آخر میں سوال و جواب کا سلسلہ شروع ہوا جس میں اسٹاف نے کمپنی کی حالیہ کارکردگی اور مستقبل کے منصوبوں کے بارے میں سوالات کئے اور کمپنی کی کارکردگی پر اپنے اطمینان اور خوشی کا اظہار کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ انھوں نے چیف ایگزیکٹو کو اپنے ہر ممکن تعاون کا بھی یقین دلایا۔

# یوم آزادی مبارک

## ہیڈ آفس

آزادی کی قدر و منزلت اس سے پوچھنی چاہئے جو کبھی محکوم اور قید و بند میں رہ چکا ہو۔ قائداعظم اور ان کے ساتھیوں کی کوششوں کی بدولت ہم آج ایک آزاد فضا میں سانس لے رہے ہیں۔ 14 اگست 1947 کو دنیا کے نقشے پر ایک نئے ملک کی جغرافیائی حدود متعین ہوئیں اور یوں ہمارا ملک پاکستان وجود میں آیا۔ اس یادگار دن کو ہم ہر سال بڑے جوش و خروش سے مناتے ہیں۔ آئی سی آئی پاکستان کی تمام لوکیشنز پر بھی یہ دن بڑے اہتمام سے منایا گیا۔ سب سے بڑی تقریب ہیڈ آفس میں منعقد ہوئی جس میں صبح پرچم کشائی ہوئی۔ پرچم کشائی کی تقریب کے مہمانِ خصوصی چیف ایگزیکٹیو آصف جمعہ تھے۔ تمام اسٹاف ہیڈ آفس کے باہر جمع تھا سب سے پہلے قومی ترانہ پڑھا گیا اور پھر پرچم کشائی کی گئی۔ جس کے بعد چیف ایگزیکٹو نے مختصر خطاب کیا اور اس دن کی اہمیت کے حوالے سے گفتگو کی۔ ہمارے کیمیکلز پلانٹ اور لائف سائنسز ویئر ہاؤس کا تمام اسٹاف بھی اس موقع پر موجود تھا۔ اس دن کی مناسبت سے ہیڈ آفس کے تمام اسٹاف کیلئے خصوصی ناشتے کا بندوبست کیا گیا تھا جس کو تمام اسٹاف نے نہایت پسند کیا اور سراہا۔

اس سے قبل کمپنی کے تمام اسٹاف کے درمیان آزادی کوئز کے عنوان سے ایک سوال و جواب کا مرحلہ بھی ہوا جو کہ ایک ہفتے تک چلتا رہا جس میں لوگوں نے بھرپور حصہ لیا اور صحیح جواب دینے والوں کو قرعہ اندازی کے ذریعے انعامات بھی دیئے گئے۔


















# سوڈاالیش۔کھیوڑہ



14 اگست 2016ء کو بنگلہ نمبر 1 کے سرسبز لان میں پرچم کشائی کی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔اس تقریب کے مہمانِ خصوصی محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈاالیش تھے۔انھوں نے پرچم کشائی کی اور ساتھ قومی ترانہ بجایا گیا۔اس موقع پر ایچ آر منیجر رضوان عزیز، آئی آر منیجر سلیم احمد صدیقی ،ای اینڈ آئی منیجر محمد منیر اقبال، ڈاکٹر محمد راشد خان، ایچ ایس ای منیجر سعید اقبال، ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ اور دیگر منیجر صاحبان نے شرکت کی۔

سوڈاالیش کے سیکورٹی گارڈز نے پرچم کشائی کے موقع پر پریڈ کی۔تقریب میں موجود لوگوں نے تالیاں بجا کر سیکورٹی گارڈز کی حوصلہ افزائی کی، محمد عمر مشتاق نے تقریب میں موجود لوگوں کو یوم آزادی کی مبارکباد دی اور لوگوں سے گلے بھی ملے۔

جس کے بعد پریڈ میں حصہ لینے والے سیکورٹی گارڈز اور ان کے انچارج آفیسر امجد محمود سے ہاتھ ملایا اور ان کو بھی مبارکباد دی۔

اللہ تعالیٰ ان ملک پاکستان کو قائم دائم رکھے اور یونہی ہم لوگ آزادی کی خوشیاں مناتے رہیں۔(آمین)

پاکستان زندہ باد







# پولیئسٹر ورکس شیخوپورہ

پولیئسٹر ورکس شیخوپورہ میں منعقد تقریب کے مہمان خصوصی ورکس مینیجر خالد محمود تھے۔

پلانٹ اور ایڈمن بلاک کو نہایت خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔ اس سجاوٹ میں تمام ڈیپارٹمنٹس کے اسٹاف نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تھا۔ صبح 7:45 پر تمام اسٹاف ایڈمن بلاک لان میں جمع ہوگیا جہاں قومی ترانہ گایا گیا اور پرچم کشائی کی تقریب ہوئی۔

پولیئسٹر ورکس پر موجود تمام اسٹاف کیلئے ناشتے کا بھی بندوبست کیا گیا تھا جس کو سب نے بے حد پسند کیا۔












# مزنگ آفس لاہور

تمام دیگر لوکیشنز کی طرح مزنگ آفس لاہور کو بھی اسٹاف نے نہایت جوش و جذبے کے ساتھ جھنڈیوں اور غباروں سے سجایا ہوا تھا۔ مزنگ آفس میں پرچم کشائی کی تقریب کے مہمانِ خصوصی سہیل اسلم خان تھے۔ صبح 8 بجے تمام اسٹاف آفس کے باہر جمع ہوگیا اور سب نے مل کر قومی ترانہ پڑھا جس کے بعد سہیل خان نے پرچم کشائی کی تقریب انجام دی۔ مزنگ آفس میں موجود اسٹاف نے انسانی ترتیب سے چاندتارا بھی بنایا جس کے بعد وہاں بھی ناشتے کا اہتمام کیا گیا تھا جس کو سب نے بہت سراہا۔













مشترکہ سرمایہ کاری (جوائنٹ وینچر)

# آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، مورینا گا ملک انڈسٹری جاپان اور یونی برانڈز ساتھ مل کر مورینا گا شیر خوار بچوں کے دودھ کا مینوفیکچرنگ پلانٹ لگائیں گے

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے سال 2013-2012 میں ترقی کا جو سفر شروع کیا تھا وہ مسلسل جاری ہے۔ کمپنی اپنے پلانٹس میں مزید توسیعی منصوبوں پر کام کررہی ہے۔ ہماری سیلز ٹیم نئی مارکیٹیں تلاش کررہی ہے جس سے کمپنی کی مالی صلاحیت مستحکم ہورہی ہے۔ ہم نئے منصوبوں پر کام کررہے ہیں اور ان میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کررہے ہیں۔ کمپنی کے استحکام کو دیکھتے ہوئے اب غیر ملکی کمپنیاں اور ادارے ہمارے ساتھ کام کرنے کے خواہشمند ہیں۔ یہ ہم سب کیلئے نہایت فخر کی بات ہے ہم اس طرح کام کرتے ہیں کہ غیر ملکی ادارے اپنے کاروبار کے بڑھانے کیلئے ہم سے رابطہ کررہے ہیں۔ اس شمارے میں آپ کو جنٹ بریڈنگ یو کے، ایم ڈی ایف آسٹریلیا کے بارے میں خبریں پڑھیں گے۔ یہاں ہم مورینا گا جاپان کی بات کرتے ہیں جو کہ انفنٹ فارمولا ملک کے حوالے سے ایک بہت بڑا برانڈ ہے۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے یونی برانڈ اور مورینا گا کے ساتھ سال 2014 میں مل کر کام کرنے کا فیصلہ کیا اور ان دو سالوں میں اس کاروبار میں 40 فی صد تک سرمایہ کاری کرچکی ہے۔ اب کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے فیصلہ کیا ہے کہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ مورینا گا ملک انڈسٹری جاپان اور یونی برانڈز پرائیویٹ لمیٹڈ کے ساتھ مل کر شیر خوار بچوں کے مشہور زمانہ برانڈ مورینا گا انفنٹ ملک فارمولا پروڈکٹس کا مینوفیکچرنگ پلانٹ لگائے گا۔ واضح رہے کہ اس پلانٹ کی تنصیب متعلقہ حکومتی اداروں کی منظوری سے مشروط ہے جبکہ اس اشتراک کی بدولت مقامی طور پر تیار شدہ شیر خوار بچوں کے فارمولا ملک کی تقسیم، مارکیٹنگ اور سیلز بھی کی جائے گی۔

جدید ترین مشینری پر مشتمل مینوفیکچرنگ کی یہ سہولت، مورینا گا کی جانب سے پاکستان میں پہلی بار قائم کی جارہی ہے یہ اس بات کی بھی تصدیق کرتی ہے کہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی ترقی اور کارکردگی پر مقامی اور بین الاقوامی اداروں کا بھرپور اعتماد ہے۔

اس مجوزہ مشترکہ سرمایہ کاری میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ 51 فیصد شیئرز کا مالک ہوگا جبکہ مورینا گا ملک انڈسٹری کمپنی لمیٹڈ اور یونی برانڈز پرائیوٹ لمیٹڈ مشترکہ طور پر 49 فیصد حصص کے مالک ہوں گے۔ اس منصوبہ پر 4.8 بلین روپے کی سرمایہ کاری کی جائیگی اور امید ہے کہ سال 2018ء تک پایہ تکمیل کو پہنچ جائیگا۔

کمپنی کی جانب سے جاری کیا گیا یہ اعلان کمپنی کے اس اشتراک کو مزید مضبوط کریگا جو کہ سال 2014ء میں نٹریکو پاکستان پرائیوٹ لمیٹڈ (ایک مشترکہ کاروباری ادارہ جو کہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، مورینا گا ملک انڈسٹری لمیٹڈ اور یونی برانڈز پرائیوٹ لمیٹڈ پر مشتمل ہے) اور اس وقت مورینا گا ملک انڈسٹری کمپنی لمیٹڈ کی پروڈکٹس پاکستان میں درآمد، مارکیٹ اور تقسیم کررہا ہے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اب تک نٹریکو پاکستان پرائیوٹ لمیٹڈ میں 40 فیصد کی سرمایہ کاری کرچکا ہے۔

مورینا گا کمپنی کی بنیاد 1917 میں رکھی گئی جبکہ پاکستان میں اس کی بنائی ہوئی پروڈکٹس گزشتہ 38 سال سے زائد عرصہ سے استعمال ہورہی ہیں۔ مورینا گا دنیا بھر کے خاندانوں میں قابل بھروسہ نام ہے یہ اپنی اعلیٰ ساکھ، فوڈ سیفٹی پر زور اور اپنی فائدہ مند پروڈکٹس کی بدولت صارفین کے اعتماد پر پورا اترتی ہے۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے مینوفیکچرنگ سہولت کا قیام کمپنی کی آگے بڑھنے کی مسلسل کوششوں کی ایک اور دلیل ہے۔ اس موقع پر آصف جمعہ، چیف ایگزیکٹو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے کہا "یہ نئی سرمایہ کاری ہماری اس حکمت عملی کے عین مطابق ہے کہ جو کہ ہماری کمپنی کا برانڈ پرامس ہے یعنی کلٹیویٹنگ گروتھ "Cultivating Growth" مجھے خوشی ہے کہ ہم اس منصوبے پر آگے کی جانب بڑھ رہے ہیں۔ ہم جو بھی کام کرتے ہیں وہ ہمیں اس جانب راغب کرتا ہے کہ ہم اپنے کسٹمرز کو بہتر سے بہتر حل پیش کرتے رہیں۔ مجھے امید ہے کہ ہم مورینا گا ملک انڈسٹری کمپنی لمیٹڈ اور یونی برانڈز پرائیوٹ لمیٹڈ کے ساتھ مل کر پاکستان بھر کے بچوں کیلئے غذائیت سے بھرپور اشیاء مہیا کرسکیں گے۔"

ووکیشنل ٹریننگ سینٹر لیاری

# تقسیم اسناد کی تقریب

گزشتہ شمارے میں آئی سی آئی پاکستان اور لٹریٹ پاکستان کے تعاون سے ہم نے ووکیشنل ٹریننگ سینٹر لیاری میں ایم ایس آفس اور انگلش لینگویج کورسز کے بارے میں بتایا تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ سینٹر کی مینجمنٹ کمیٹی نے بنیادی الیکٹریکل وائر مین کورس بھی لیاری کے نوجوانوں کیلئے شروع کیا تھا تاکہ وہ ہنر سیکھ کر ایک باعزت روزگار حاصل کرسکیں۔

سینٹر کی مینجمنٹ کمیٹی کی جانب سے مندرجہ بالا کورسز کی تقسیم اسناد کی تقریب 20 اکتوبر کو سینٹر میں منعقد کی گئی جس کے مہمان خصوصی جاوید ناگوری ممبر سندھ اسمبلی تھے جبکہ ڈسٹرکٹ چیئر مین ملک فیاض، وائس چیئر مین یوسی محمود ہاشم، لٹریٹ پاکستان کے کلیم احمد، آئی سی آئی پاکستان کی جانب سے صائمہ کاملہ خان و دیگر اسٹاف اور لیاری سے تعلق رکھنے والے باکسنگ اور فٹبال کے نامور کھلاڑی اور آفیشلز نے خصوصی طور پر پروگرام میں شرکت کی۔

اس تقریب میں کل 144 طلباء اور طالبات کو اسناد دی گئیں جس میں 134 طلباء اور طالبات کا تعلق آئی ٹی اور انگلش لینگویج کورس سے تھا جبکہ 10 طلبہ بنیادی الیکٹریکل وائر مین کورس سے تھے۔ الیکٹریکل وائر مین کورس کے طلباء کو آئی سی آئی پاکستان کی جانب سے الیکٹرک کے کام سے متعلق استعمال ہونے والے اوزاروں پر مشتمل ٹول کٹ بھی دی گئی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محمود ہاشم وائس چیئر مین یوسی نے انسٹیٹیوٹ کی مینجمنٹ کمیٹی کے اقدام کو سراہا اور کہا کہ یونین کونسل اور ڈسٹرکٹ کی سطح پر جو بھی ہوسکا ہم اس سینٹر کیلئے کریں گے۔























ملک فیاض، ڈسٹرکٹ چیئرمین ساؤتھ نے حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ ہمارے بچے اب اطمینان اور سکون سے تعلیم حاصل کررہے ہیں اور علم سیکھنے میں اپنے شوق کا اظہار بھی کررہے ہیں آج کی یہ تقریب اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے۔انھوں نے آئی سی آئی پاکستان کی ووکیشنل سینٹر میں تعلیمی پروگرام شروع کرنے پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ہم سے جو بھی ہوسکا ہم ان بچوں کیلئے کریں گے۔



جاوید ناگوری، ممبر سندھ اسمبلی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پبلک، پرائیوٹ پارٹنرشپ کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور لٹریٹ پاکستان، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کے تعاون کا شکریہ ادا کیا۔انھوں نے کہا کہ کمپنی نے لیاری والوں اور لیاری کے بچوں کی بہتری کے بارے میں سوچا یہ بہت بڑی بات ہے۔انھوں نے بچوں پر زور دیا کہ وہ اپنی تعلیم پر توجہ دیں اور ہنر سیکھیں۔





اس موقع پر آئی سی آئی پاکستان کی جانب سے صائمہ کاملہ خان نے طلباء اور طالبات سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ آج مجھے آپ سب کو دیکھ کر بے حد خوشی ہو رہی ہے کہ ہم نے ایک چھوٹی سی کوشش کی تھی وہ کامیاب ہوئی ہے۔ آپ لوگ اسی طرح سے محنت کرتے رہے تو کامیابیاں آپ کے قدموں میں ہوں گی۔

ووکیشنل ٹریننگ سینٹر میں جاری پروگراموں کے روح رواں عبدالطیف ڈورائی جب شرکاء کا شکریہ ادا کرنے اسٹیج پر آئے تو طلباء اور طالبات نے ان کا بڑے والہانہ انداز میں استقبال کیا۔ واضح رہے کہ عبدالطیف ڈورائی نے سندھ ٹیکنیکل اسکلز ڈیولپمنٹ سینٹر کے نام سے لیاری کے بچوں اور نوجوانوں کیلئے ایک ادارے کی بنیاد رکھی ہے جس کے ذریعے وہ ووکیشنل ٹریننگ سینٹر میں آئی ٹی، انگلش لینگویج، سلائی کڑھائی اور مہندی لگانے کے جیسے علم و ہنر سے وابستہ فنون کاروباری اداروں کے سماجی بہبود پروگرام اور فلاحی کاموں میں دلچسپی رکھنے والے افراد کی مدد سے سکھا رہے ہیں۔ اس وقت ان کے پاس 100 سے زائد طلبہ اور طالبات متذکرہ بالا پروگراموں میں حصہ لے رہی ہیں۔

عبدالطیف نے اپنے خطاب میں آئی سی آئی پاکستان کے تعاون کا بے حد شکریہ ادا کیا اور کہا کہ انھوں نے لیاری کے پڑوسی ہونے کا حق ادا کیا اور یہاں کے بچوں اور نوجوانوں کیلئے سوچا اور میری حوصلہ افزائی کی۔ اس کے ساتھ ساتھ انھوں نے لٹریٹ پاکستان کے کلیم احمد کا بھی شکریہ ادا کیا انھوں نے انگلش لینگویج پروگرام میں ہم سے بے حد تعاون کیا۔
















# سہیل احمد رضا

میرا نام سہیل احمد رضا ہے۔ تعلق لاہور شہر سے اور رہائشی علاقہ ماڈل ٹاؤن ہے۔ والد بشیر احمد صاحب پرائیوٹ کمپنی میں مکینیکل انجینئر کے عہدے پر فائز تھے۔ میری ابتدائی تعلیم لاہور کے اندرونی علاقے مصری شاہ میں ہوئی، جبکہ میں نے ہائی اسکول اور کالج کی تعلیم ماڈل ٹاؤن سے حاصل کی۔ تین سالہ ڈپلومہ لاہور انجینئر نگ اینڈ فونڈری سے مکینیکل انجینئر نگ میں حاصل کی یہیں پر مختلف ورکشاپس میں ہمہ قسم کی مشینری سے روشناس ہوا اور عملی تربیت حاصل کرنے کا موقع ملا۔ یہ کورس میں نے نمایاں پوزیشن سے مکمل کیا۔

عملی زندگی کا آغاز "اتفاق فونڈری" سے کیا اور تین سال کا تجربہ حاصل کرنے کے بعد حبیب شوگر ملز نواب شاہ کے پراجیکٹ میں بطور ڈرافٹسمین مقرر ہوا۔ یہاں تقریباً چھ ماہ تک خدمات انجام دینے کے بعد گلیکسو لیبارٹریز میں بطور سائٹ سپر وائیزر کی ملازمت اختیار کی اور ترقی کرتے ہوئے سینئر ڈرافٹسمین مقرر ہوا۔ یہ ترقی میری زندگی میں اہم سنگ میل ثابت ہوئی۔ پھر دو سال داؤد ہر کولیس کیمیکلز میں نہایت خوش اسلوبی سے گزرے۔ چونکہ مجھے خوب سے خوب تر کی تلاش تھی اور تجربہ بھی مناسب تھا لہذا میں نے اپنی تمام صلاحیتیں صرف کرتے ہوئے خود کو اس کا اہل ثابت کیا مجھے آئی سی آئی میں شمولیت کئے ہوئے تقریباً چھبیس سال گزر چکے ہیں اور اب تک میں نے تمام چھوٹے بڑے پراجیکٹس میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں اور یہ پراجیکٹس میرے لئے بڑے سودمند ثابت ہوئے ہیں۔ آج کل میں ڈرافٹسمین کے ساتھ ساتھ ڈاکو منٹ کنٹرولر (Document Controller) کے فرائض بھی انجام دے رہا ہوں اپنے تجربے اور ہنر کے باعث میں یہ فریضہ بھی بڑی خوش اسلوبی سے نبھا رہا ہوں۔ آئی سی آئی میں کام کرنا ہمیشہ میرے لئے باعث فخر و صد افتخار رہا ہے۔ میری فیملی بھی میرے فرائض کی ادائیگی میں ہمیشہ معاون ثابت ہوئی ہے۔ میرے تمام بچے بھی ماشاءاللہ نمایاں کامیابیوں سے ہمکنار ہو چکے ہیں یہ سب کچھ آئی سی آئی کی بدولت ممکن ہوا ہے۔ لہذا میں آئی سی آئی پاکستان کا تہہ دل سے مشکور ہوں اور اسی لئے ہمیشہ سے اس کی ترقی کے لئے دعا گو رہا ہوں۔

مجھے سیر و سیاحت کا بہت شوق ہے جس کی تکمیل کے لئے اکثر اپنی فیملی کے ساتھ شمالی علاقہ جات جاتا رہتا ہوں اور ہم سب سیر و تفریح سے بے حد لطف اندوز ہوتے ہیں۔

الغرض یہ ایک مختصر سا خاکہ ہے میری زندگی کا۔ آئی سی آئی سے وابستگی میری زندگی کا خاصہ ہے۔ خصوصاً جب سے کمپنی Lucky Group نے حاصل کی ہے، دن بدن ترقی کی طرف گامزن ہے۔ ہر سال نت نئے پراجیکٹس آرہے ہیں جبکہ پہلے دور میں سالہا سال کے بعد کوئی ایک پراجیکٹ Approve ہوتا تھا۔

آخر میں میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو خیر و برکت، صحت و تندرستی سے نوازے اور یہ ملک میں نمایاں خصوصیات کا حامل ہو اور بے مثال کامیابی حاصل کرے۔ آمین، ثم آمین۔



# تعارف

## حاجی محمد نعیم


غزل کسی نے چھیڑی، مجھے ساز دینا
زرا عمر رفتہ کو آواز دینا!



حاجی محمد نعیم 8 اگست 1958ء کو ضلع جہلم کے ایک گاؤں سوڈی گجر میں پیدا ہوئے۔سوڈی گجر کھیوڑہ سے مشرق کی طرف تقریباً 8 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔انہوں نے ابتدائی تعلیم اپنے گاؤں کے سکول سے حاصل کی۔ میٹرک کی تعلیم گورنمنٹ ہائی سکول کھیوڑہ سے حاصل کی اور انٹر کی تعلیم البیرونی کالج پنڈ دادن خان سے حاصل کی۔آپ سکول اور کالج کے زمانہ میں بیسٹ اتھلیٹ اور کبڈی کے کیپٹن رہے اور راولپنڈی ڈویژن کی کبڈی ٹیم میں بھی شامل رہے۔

جیمبر تھرو،جیولین تھرو،ہائی جمپ میں پنڈی ڈویژن میں اول پوزیشن حاصل کی۔1978ء میں آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش میں بطور اپرنٹس بھرتی ہوئے اور 1982ء جنوری میں بطور پلانٹ آپریٹر مستقل بھرتی کرلیا گیا۔محمد نعیم کے والد حاجی محمد دین نے سوڈا ایش میں تقریباً 46 سال کمپنی کی خدمت کی۔سوڈا ایش میں بھرتی ہونے کے بعد آئی سی آئی انٹر ڈیپارٹمنٹ کھیلوں میں 1982ء،1983ء،1984ء، میں حصہ لیا اور بیسٹ اتھلیٹ کا ایوارڈ حاصل کیا۔اس زمانے میں تحصیل بھر کی فیکٹریوں کی انٹر انڈسٹریز کھیلوں کے مقابلے ہوتے تھے۔ان میں سالٹ مائین،ڈنڈوٹ سیمنٹ،غریب وال سیمنٹ اور آئی سی آئی کے درمیان ہاکی،کبڈی،فٹبال،اوراتھلیٹس کے مقابلے ہوتے تھے،ان میں بھی محمد نعیم نے ہمیشہ اول پوزیشن کے ایوارڈ جیتے اور اپنا نام کمایا اور لالہ کے نام سے مشہور ہوئے۔کھیلوں کے علاوہ فیکٹری کے کام میں بھی ہمیشہ خوب محنت کی،ان کی محنت کو دیکھتے ہوئے کمپنی نے انہیں گریڈ 1 میں ترقی دے کر بطور کلن آپریٹر آپ کی خدمات کو سراہا۔اس وقت فیلڈ پلانٹ آپریٹر ٹاور پر کام کر رہے ہیں۔آپ نے اپنا کام نہایت محنت اور جانفشانی سے کیا۔اور ہارڈ ورکر کے طور پر پہچان بن گئی۔آپ کمپنی کے فائر فائٹر سکواڈ کے ممبر بھی ہیں۔آپ عرصہ دس سال سے یونین کے الیکشن کمیشن کے ممبر بھی رہے اور یونین کے ورکر کے الیکشن کروائے۔کئی بار ایسا بھی ہوا کہ ایک ووٹ پر ہار جیت کا فیصلہ کرنا پڑا جس میں آپ نے اپنی بھرپور صلاحیتوں اور منصفانہ کردار ادا کیا اور فیصلے کئے۔اللہ تعالیٰ نے آپ کو دو بیٹوں اور ایک بیٹی کی نعمت سے نوازا۔ماشاءاللہ سب اپنے اپنے گھروں میں خوش ہیں۔سب کی شادیاں کردی ہیں،ایک بیٹا دبئی میں ہے اور دوسرے بیٹے کو آئی سی آئی پاکستان نے بطور آپریٹر بھرتی کیا ہے،محمد نعیم خوبصورت آواز کے مالک ہیں،سیف الملوک بہت ہی سریلی آواز میں پڑھتے ہیں اور سننے والے داد دئے بغیر نہیں رہ سکتے ان کا کہنا ہے یہ کمپنی دن دگنی اور رات چوگنی ترقی کرے۔(آمین)

## فضل حسین



میرا نام فضل حسین ہے،کھیوڑہ کا رہائشی ہوں،میں نے میٹرک گورنمنٹ ہائی سکول بھلوال۔ضلع سرگودھا سے کیا۔

میرے والد محترم محمد حسین جو کہ آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش کے ملازم تھے۔سول ڈیپارٹمنٹ میں کام کرتے تھے۔1986ء میں اچانک صبح گھر میں آگ لگ گئی۔جس میں میرے والد صاحب شدید جھلس گئے اور زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے اس فانی دنیا سے چل بسے۔میں ابھی ان دنوں زیرِ تعلیم تھا۔اُس مشکل گھڑی میں اس وقت کے جنرل منیجر محمد اقبال خان،پروڈکشن منیجر فیض الدین طارق،لیڈی ڈاکٹر نجمہ نسرین علوی،ڈاکٹر نیاز احمد اور حاجی نور دین نے سر پر دستِ شفقت رکھا۔ہر لمحہ میری اور فیملی کی مدد کی،میں زندگی بھر ان تمام احباب کا مشکور ہوں اور ان کے لئے دعا گو ہوں۔

1991ء میں محمد اقبال خان جنرل منیجر سوڈا ایش نے ایک بار پھر خصوصی مہربانی کی۔مجھے سوڈا ایش میں بھرتی کیا اور مستقل ملازمت دی۔شروع شروع میں ایش در ہاوس میں جاب کیا۔کمپنی نے میری محنت کو دیکھتے ہوئے ترقی دیکر MOL کلن پلانٹ پر شفٹ کیا۔اب میں گریڈ 4 میں بطور لائم سٹون بیلٹ کنویئر آپریٹر کی ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہوں۔میں آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش کی انتظامیہ اور اپنے سینئرز کا مشکور ہوں جنہوں نے میری ہر لمحہ رہنمائی کی،مجھے فخر ہے میں ایسے ادارے میں کام کرتا ہوں جہاں انسان کی قدر کی جاتی ہے،سیفٹی کے اصولوں پر کام ہوتے ہیں ہر آدمی ایک دوسرے کا خیال رکھتا ہے۔

میری سروس 25 سال ہوگئی ہے۔کمپنی کی قرعہ اندازی میں میرا نام حج کے لئے منتخب ہوا۔میں نے حج کی سعادت حاصل کی میں اس ادارے کیلئے دعا گو ہوں یہ ادارہ دن دگنی رات چوگنی ترقی کرے اس ادارے میں کام کرنے والے تمام لوگوں کو اللہ تعالیٰ صحت دے اور اپنی حفظ وامان میں رکھے۔(آمین)

# اداریہ

### عزیز دوستو!

ہمقدم کا نیا شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔یہ آپ کا رسالہ ہے جو آپ کو کمپنی کے اندر ہونے والے پروگراموں اور تبدیلیوں سے آگاہ کرتا ہے۔اس کی کامیابی کا سہرا آپ کے اوپر ہے۔آپ کی رائے، تبصرے اور دلچسپی اس کو مزید کارآمد اور مفید بناسکتی ہے۔آپ اپنے بزنس میں ہونے والی تبدیلیوں اور پروگراموں سے تو باخبر رہتے ہیں لیکن آپ کو کمپنی کے دیگر بزنسز کے پروگراموں اور تبدیلیوں کے بارے میں صرف یہ رسالہ ہے جو آپ کو آگاہ کرتا ہے۔

ایڈیٹر۔عبدالغنی

abdul.ghani@ici.com.pk
Tel: 021-32318148, 32314646
Cell: 0300-8238751

ہمقدم ایک سہ ماہی رسالہ ہے جو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اسٹاف کیلئے شائع کیا جاتا ہے۔رسالہ میں شامل کسی بھی آرٹیکل کی اشاعت یا استعمال کیلئے اجازت لینا ضروری ہے۔

# حج پر جانے والوں کے اعزاز میں ڈنر







جسے چاہا در پے بلالیا جسے چاہا اپنا بنا لیا
یہ بڑے کرم کے ہیں فیصلے یہ بڑے نصیب کی بات ہے

آئی سی آئی پاکستان ایمپلائیز یونین سوڈا ایش نے اپنے حج پر جانے والے بھائیوں کے اعزاز میں ایک ڈنر اور الوداعی ملاقات کا اہتمام کیا۔اس خوبصورت تقریب کا انتظام ورکس کینٹن ہال میں کیا گیا۔اس مرتبہ سوڈا ایش سے 8 ورکرز کے حج قرعہ اندازی میں نام نکلے۔ایک ورکر غلام مرتضٰی کا ورکر ویلفیئر بورڈ کی قرعہ اندازی میں نام آیا۔جبکہ دو افراد نے اپنے طور پر اپنی فیملی کے ہمراہ حج کی سعادت حاصل کی ہے۔شہزادگل ایمپلائیز یونین کے صدر بھی ہیں انکا نام بھی قرعہ اندازی میں شامل تھا۔ان کے علاوہ محمد رمضان انجینئرنگ،ظفر اقبال انجینئرنگ،راجہ مشتاق انجینئرنگ،حبیب اللہ ملک امیر محمد ایڈمن،محمد جمیل فنانس،غلام شبیر براس،خالد ملک ایڈمن اور سلطان محمود انجینئرنگ شامل ہیں،سوڈا ایش سے اس مرتبہ کل 11 افراد نے حج کی سعادت حاصل کی ہے یہ اس ادارے کے لئے بھی بہت اعزاز کی بات ہے۔

اس تقریب کے مہمان خصوصی جناب محمد عمر مشتاق ورکس مینیجر سوڈا ایش جب تشریف لائے تو ان کے ساتھ جناب محمد رضوان عزیز ایچ آر مینیجر، سلیم احمد صدیقی،آئی آر مینیجر،ڈاکٹر محمد راشد خان اور سعید اقبال ایچ ایس ای مینیجر بھی تھے۔اس کے علاوہ یونین کی ذیلی کمیٹیوں کو بھی اس تقریب میں شرکت کی دعوت دی گئی تھی۔جس میں ورکس کونسل،اسٹیٹ کمیٹی،الکلی سپورٹس کلب کمیٹی،کینٹین کمیٹی اور کمپنی کے ممبران نے شرکت کی ان کے علاوہ سابقہ یونین کے صدر اور جنرل سیکریٹری بھی موجود تھے،ایڈمن کی طرف سے راجہ راغب حسین اور چوہدری برکات نے بھی شرکت کی،تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔یونین کے جنرل سیکریٹری ملک محمد اجمل نے جناب محمد عمر مشتاق اور تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔حج پر جانے والوں کو مبارکباد دی۔اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی۔اے پروردگار یہ تیرے اور تیرے حبیب کے مہمان ہیں ان کی حفاظت بھی کرنا،اور ان کو صحت عطا فرمانا کہ حج کے دوران اپنے فرائض صحیح طریقے سے ادا کر سکیں۔انھوں نے عازمین حج سے مخاطب ہو کر کہا کہ آپ لوگ اپنے لئے تو دعائیں مانگیں گے ہی ہمیں بھی ان دعاؤں میں یاد رکھنا۔اس ادارے کے لئے اور ملک پاکستان کے لئے بھی خصوصی دعائیں مانگنا۔اللہ تعالیٰ اس ملک پاکستان کو سلامت رکھے۔اس ادارے کو اللہ تعالیٰ اور ترقی دے۔جسکی بدولت ہمیں یہ خوشیاں نصیب ہوتی ہیں۔اس ادارے میں تمام کام کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ حج کی سعادت نصیب کرے(آمین)

جناب محمد عمر مشتاق نے اپنے مختصر سے خطاب میں حج پر جانے والوں کو مبارکباد دی۔اور ان کے لئے دعا بھی کی کہ سفر کے دوران اور وہاں حج کے فرائض ادا کرتے وقت اللہ تعالیٰ آپ لوگوں کے لئے آسانیاں پیدا کر دے۔(آمین)

یونین کی طرف سے تمام مہمانوں کے لئے کھانے کا اہتمام کیا گیا تھا۔یونین کے تمام ممبران نے اس تقریب کو خوبصورت بنانے کے لئے بڑھ چڑھ کے حصہ لیا اور بھرپور شرکت کی۔

تقریب کے اختتام پر جناب رضوان عزیز نے تمام مہمانوں کی طرف سے آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش کی ایمپلائز یونین کو خوبصورت تقریب کے انعقاد پر مبارکباد دی اور شکریہ بھی ادا کیا۔









# افطار ڈنر برائے کھیوڑہ خواص

رمضان المبارک ہر سال آتا ہے۔ایک کے بعد دوسرا رمضان آتا ہے۔اور صدیوں سے آ رہا ہے۔مساجد میں تراویح کے دوران ایک کے بعد دوسرا قرآن ختم ہوتا ہے اور ان گنت تعداد میں ختم ہوتا ہے۔ہر رمضان میں تلاوت قرآن ہوتی ہے۔روزے رکھے جاتے ہیں۔نمازیں پڑھیں جاتی ہیں، ذکر اور دعاؤں میں راتیں بسر ہوتی ہیں۔نیکی و بھلائی اور تقویٰ کا یہ دائرہ بہت وسیع ہے اسکی شاخیں بے شمار ہیں۔عبادات کے اس ہمہ گیر کام کی طرف مسلسل توجہ پیدا کرنے اور قائم رکھنے کے لئے نبی کریم ﷺ نے روزہ دار کو روزہ افطار کرانے کی بڑی ترغیب دی ہے۔فرمایا! جو شخص اس مہینے میں کسی روزہ دار کو روزہ افطار کرائے تو اس کے لئے گناہوں سے مغفرت اور دوزخ کی آگ سے رہائی ہے۔اس لئے اس مہینے میں افطاری کا خاص اہتمام کیا جاتا ہے۔آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش اپنی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے پچھلے سالوں کی طرح اس مرتبہ بھی ماہ رمضان میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا۔

آئی سی آئی پاکستان کی انتظامیہ ہر سال تحصیل بھر کے معززین کے لئے ایک خوبصورت افطار ڈنر کا اہتمام کرتی ہے۔اس میں انڈسٹریز کے جنرل منیجر، ڈائیریکٹر کو بھی دعوت دی جاتی ہے۔جس میں ڈنڈوٹ سیمنٹ۔پی ایم ڈی سی۔غریب وال سیمنٹ، بیسٹ وے کی انتظامیہ کو دعوت دی گئی۔کھیوڑہ شہر کے سابقہ چیئرمین، ڈنڈوٹ سے سابقہ چیئرمین راجہ نور محمد پنڈ دادن خان کے سابقہ چیئرمین ملک محمد ولایت۔مقامی ن لیگ کی قیادت اعجاز ملک، ملک طارق محمود، حاجی منصور اقبال، ملک شوکت حیات، محمد اشرف، حاجی عمران، راجہ انار خان، ملک فیصل اقبال اور دیگر سیاسی رہنما، پرنسپل البیرونی کالج پنڈ دادن خان، پنڈ دادن خان بار سے چوہدری شفقات، بزنس مین سلیم کھوکھر۔ملک محمد اشرف، خواجہ جاوید، ملک شوکت، علاقے کے ڈاکٹر محمد اختر نجمی، ڈاکٹر شفیق کھوکھر، ڈاکٹر مختار احمد ڈاکٹر عابد ریحان، سول ہسپتال کے ڈاکٹر ثاقب اور علاقے کے دیگر معزز افراد نے اس افطار ڈنر میں شرکت کی۔اسکے علاوہ موجودہ یونین اور سابقہ یونین کے نمائندوں نے بھرپور شرکت کی۔

آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش کی انتظامیہ کی جانب سے محمد عمر مشتاق ورکس منیجر، سلیم احمد صدیقی آئی آر منیجر، راجہ راغب حسین، چوہدری برکات احمد نے تمام معزز مہمانوں کو استقبالیہ پر خوش آمدید کیا، محمد عمر مشتاق نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا، افطار ڈنر میں مدعو تمام مہمانوں کے ساتھ اپنی ٹیم اور ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ کا تعارف بھی کرایا۔اس میں ڈاکٹر محمد راشد خان نے بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، ڈاکٹر صاحب لوگوں سے ملے اور ان کی خیریت اور صحت کے بارے میں پوچھا۔

کھیوڑہ میں جون کے مہینے میں خوب گرمی پڑی۔افطاری سے ایک دن پہلے بارش نے گرمی کے زور کو توڑ دیا۔ایڈمن بلڈنگ کے سامنے سر سبز لان میں معزز مہمانوں کے لئے تقریب کا اہتمام کیا گیا تھا۔جونہی افطاری کا وقت ہوا بوائلر انچارج نے پلانٹ پر لگے وسل کو بجا کر روزہ افطار کرنے کا اعلان کیا۔ٹھنڈے مشروبات اور کھجور، پکوڑے کے ساتھ افطاری کی، افطاری کے بعد نماز کے لئے بھی اہتمام کیا گیا تھا، قاری محمد سلیم نے آذان دی، امامت کے لیے سید شبیر حسین شاہ کو دعوت دی گئی، تمام مہمانوں نے نماز پڑھی، شاہ صاحب نے خصوصاً ادارے اور ملک پاکستان کے لئے دعا کی۔یہ ملک قائم دائم رہے، اور ادارے بھی ترقی کرتے رہیں۔آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش دن رات ترقی کرتا رہے (آمین)

نماز کے بعد تمام مہمانوں کو ڈنر کے لئے دعوت دی گئی ڈنر کے ساتھ انتظامیہ اور مہمانوں میں باہمی تبادلہ خیال بھی ہوا اور ایک دوسرے کی خیریت بھی دریافت کی۔

آخر میں تمام مہمانوں کا آئی آر منیجر سلیم احمد صدیقی نے افطار ڈنر میں شرکت کرنے پر شکریہ ادا کیا۔

















# سوڈا ایش سیفٹی امپرومنٹ ٹیمز میٹنگ 2016




آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش پلانٹ پر سیفٹی کی ترقی کے لیے عرصہ دراز سے ٹیم ورک کے اصولوں پر کام ہو رہا ہے۔ اس سے تمام رفقائے کار میں ہم آہنگی پیدا ہوتی ہے سوڈا ایش پلانٹ پر 6 ٹیمیں ہیں جو سیفٹی امپرومنٹ کے لیے ایک دوسرے سے آگے نکلنے میں مصروف عمل ہیں یہ ٹیمیں اپنی خود احتسابی کر کے اپنے ایریا کو بہتر سے بہتر بنا کر اس کا تذکرہ مشترکہ میٹنگ میں کرتی ہیں۔

اس ماہ بھی تمام سیفٹی امپرومنٹ ٹیمز کی مشترکہ میٹنگ ہوئی۔

اس میٹنگ میں سیفٹی مینیجر سعید اقبال نے تمام ٹیم ممبران سے یہ عہد لیا کہ سال 2015 کی طرح آئندہ سال بھی ہم باقاعدگی کے ساتھ سیفٹی امپرومنٹ ٹیمز میٹنگ کو جاری رکھیں گے۔

میٹنگ کے اختتام پر سیفٹی منیجر سعید اقبال سیفٹی امپرومنٹ ٹیمز کی پرفارمنس کے بارے میں بتایا اور اس بات پر زور دیا کہ ہم سیفٹی کے اصولوں پر عمل کر کے انجری فری سال مکمل کریں گے اور اپنے تمام کاموں کو انجام دینے میں سیفٹی کو اولین ترجیح دیں گے۔

# ونگٹن اسپتال کے عملے کو فائر فائٹنگ کی تربیت





آگ کے حادثات سے بچنے اور اس طرح کی صورتِ حال سے نکلنے کے لئے رفقائے کار کا آگاہ ہونا بہت ضروری ہے۔ خصوصاً پلانٹ پر آگ لگنے کی صورت میں مالی نقصان کے ساتھ ساتھ جانی نقصان کا خطرہ بھی لاحق رہتا ہے جس سے آگاہی ہونا ہر کام کرنے والے ساتھی پر لازم ہے۔ اس سلسلے میں آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش، ہیلتھ اینڈ سیفٹی ڈیپارٹمنٹ نے ونگٹن ہسپتال کے تمام سٹاف کو فائر سیفٹی پر ٹریننگ کورس کرایا۔ جس میں سیفٹی منیجر سعید اقبال ٹریننگ آفیسر راجہ غلام اکبر اور فائر آفیسر مصدق حسنین نے بطور ٹرینرز حصہ لیا۔ اس کورس میں اسپتال کے دیگر عملے کے علاوہ خصوصی طور پر ڈاکٹر راشد خان، لیڈی ڈاکٹر عطیہ رباب، لیڈی ڈاکٹر حمیرا نے شرکت کی۔ ٹریننگ کورس میں آگ سے بچنے، آگ کی اقسام اور کسی بھی ہنگامی صورتِ حال کے دوران آگ بجھانے والے آلات کے استعمال کے طریقہ کار کا تفصیل سے تذکرہ کیا۔ کورس کے دوران شرکاء کو آگ بجھانے کے آلات کے استعمال کا عملی مظاہرہ بھی کرایا گیا۔

آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش، ہیلتھ اینڈ سیفٹی ڈیپارٹمنٹ نے ونگٹن ہسپتال کو سفری فائر ایکسٹنگشر کا عطیہ (portable trolley type fire Extinguisher) دیا تاکہ اگر کسی قسم کی آگ لگ جائے تو ایمرجینسی سکواڈ کے آنے سے پہلے اس کا مقابلہ کیا جا سکے۔

# فرسٹ ایڈ / سی پی آر ٹریننگ کورس



آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش سیفٹی، ہیلتھ اینڈ انوائرمنٹ ڈیپارٹمنٹ نے اپنے تمام رفقائے کار کے لئے ایک فرسٹ ایڈ / سی پی آر ٹریننگ کورس کروایا۔اس ٹریننگ سیشن میں ورکس، پراجیکٹ ٹیم، کے علاوہ کنٹریکٹر سٹاف نے بھی شرکت کی۔

اس ٹریننگ کا آغاز سعید اقبال سیفٹی منیجر نے کیا۔اس تربیتی نشست کے نگراں ونگٹن اسپتال کھیوڑہ کے میڈیکل سپر نٹنڈنٹ ڈاکٹر محمد راشد خان تھے جنہوں نے انتہائی ماہر انداز میں DRABC کی پریکٹیکل پریکٹس کرائی اور ساتھ ہی خون بہنے کے عمل کو روکنا، مصنوعی نظام تنفس اور بچوں کے لیےDRABC کا طریقہ کار اور ابتدائی طبی امداد پر لیکچر دیا۔مختلف ویڈیوز کی مدد سے رفقاء کو ابتدائی طبی امداد کے بارے میں آگاہی دی۔

ڈاکٹر راشد خان نے اس بات پر بھی زور دیا کہ پلانٹ پر ہر شفٹ کی ایک فرسٹ ایڈ / سی پی آر کی ٹیم ہونی چاہیے تا کہ مشکل کی گھڑی میں ایک دوسرے کی مدد کی جا سکے۔ٹریننگ کے اختتام پر راجہ غلام اکبر ٹریننگ آفیسر نے تمام ٹریننگ کرنے والوں کو DRABC STEPS پر بنوائے گے ہینڈ بل تقسیم کیے جس پر ڈاکٹر راشد خان نے ہیلتھ سیفٹی انوائرمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی اس کاوش کو سراہا۔

# سوڈا ایش میں شجر کاری مہم





آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش ہیلتھ سیفٹی اینڈ انوائرنمنٹ ڈیپارٹمنٹ نے اس سال بھی ماہ اگست کا آغاز حسب روایت شجر کاری مہم سے کیا واضح رہے کہ اس سال کی شجر کاری مہم 2015 کی شجر کاری مہم سے کئی گنا بڑے پیمانے پر شروع کی گئی ہے۔اس مہم کا آغاز سیفٹی منیجر سعید اقبال اور ڈسٹرکٹ انوائرمنٹ آفیسر مقصود ربانی بٹ نے کیا۔

اسکے پہلے مرحلے میں سیفٹی منیجر سعید اقبال اور ڈسٹرکٹ انوائرمنٹ آفیسر مقصود ربانی بٹ نے ورکس ایریا میں پودا لگا کر اس مہم کا آغاز کیا اور اس کے بعد ڈسٹرکٹ انوائرمنٹ آفیسر مقصود ربانی بٹ نے آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ کے زیر تعمیر کول فائر بوائلر اور پاور ٹربائین ایریا کا معائنہ کیا اور معائنے کے دوران آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ سیفٹی منیجر سعید اقبال، پاور جنریشن منیجر سعید انور، پاور جنریشن اسٹنٹ منیجر رانا اسلم ، پاور جنریشن آفیسر شفیق اوپل، ایڈمن آفیسر امجد محمود، راجہ غلام اکبر ،اور دیگر کے ہمراہ ملکر نئے تنصیب شدہ بوائلر کے قریب پودا لگایا جناب مقصود ربانی بٹ نے آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ کے پودوں اور درختوں کی خوبصورتی اور ماحول دوست پالیسیوں کو سراہا اور اپنے اطمینان کا اظہار کیا۔

اگلے مرحلے میں سوڈا ایش ہیلتھ سیفٹی اینڈ انوائرنمنٹ ڈیپارٹمنٹ نے الکلی اسپورٹس کلب، آفیسرز اور اسٹاف، رہائشی ایریاز، ونگٹن اسپتال اور اسکول میں پودے لگائے اور اسی کے ساتھ ساتھ سوڈا ایش ہیلتھ سیفٹی اینڈ انوائرنمنٹ ڈیپارٹمنٹ نے تمام اہم مقامات اور پلانٹ ایریا میں بھی مختلف جگہوں پر پینا فلیکس لگائے جس میں یہ پیغام دیا گیا درخت لگائیں ماحول کو سر سبز شاداب بنائیں، درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے۔اس دن کے موقع پر سعید اقبال سیفٹی منیجر نے یہ پیغام دیا کہ ہم اپنے اردگرد کے ماحول کو بہتر بنانا چاہتے ہیں ۔۔اس موقع پر بچوں نے پودے لگانے کے ساتھ ساتھ انکی حفاظت کی ذمہ داری کا وعدہ بھی کیا۔




سوڈا ایش

# الوداعی پارٹی

## جناب عاقل کریم ایچ آر منیجر / ہارون ملک فنانس منیجر

آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ سے جب بھی کوئی ایمپلائی ریٹائر ہوتا ہے یا ٹرانسفر ہوتا ہے تو اُسے شاندار انداز میں الوداع کیا جاتا ہے کیونکہ یہ سوڈا ایش کی ایک نہایت ہی خوبصورت روایت ہے۔اسی طرح جب عاقل کریم ایچ آر منیجر اور ہارون ملک فنانس منیجر کو نئی ذمہ داریاں تفویض کرتے ہوئے کراچی ٹرانسفر کیا گیا تو ایچ آر ڈیپارٹمنٹ نے اُن کے اعزاز میں حیات ریسٹورنٹ پنڈ دادن خان پر نہایت ہی تزک واحتشام سے الوداعی تقریب کا اہتمام کیا۔

اس تقریب میں تمام ایچ آر ڈیپارٹمنٹ اور خاص طور پر محمد عمر مشتاق ورکس منیجر اور رضوان عزیز نئے ایچ آر منیجر سوڈا ایش نے شرکت فرمائی۔سلیم اختر صدیقی آئی آر منیجر نے تقریب کی غرض وغایت اور عاقل کریم کے حوالے سے ابتدائی کلمات کہہ کر پروگرام کا باقاعدہ آغاز کیا۔

"جناب عاقل کریم نے آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش بزنس میں اپنے قیام کو اپنی زندگی کا بہترین وقت قرار دیا۔اپنی ٹیم کا شکریہ ادا کیا کہ جو بھی میں اس ادارے کے لئے کر سکا وہ ہماری ٹیم ورک کا نتیجہ ہے۔سوڈا ایش بزنس میں کام کرنے کا شاندار اور بہترین ماحول ہے۔میں تمام ٹیم اور اس ادارے کے لئے ہمیشہ دعا گو رہوں گا"۔بالکل ایسے ہی جذبات کا اظہار ہارون ملک نے بھی کیا۔



اس موقع پر جناب عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈا ایش بزنس اور جناب رضوان عزیز ایچ آر منیجر نے بھی گفتگو فرماتے ہوئے عاقل کریم اور ہارون ملک کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور ادارے کے لئے اُن کی خدمات پر اُن کا شکریہ ادا کیا۔


بعد ازاں شاندار دعوت طعام کے بعد یہ تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔







# کنٹر کٹر اسٹاف کیلئے تربیتی نشست ذاتی حفاظتی آلات کا استعمال



آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش میں عارضی طور پر کام کرنے والوں کو کام کرنے سے پہلے سیفٹی کے اصولوں کے بارے میں تربیت دی جاتی ہے اور گاہ بگاہ کنٹریکٹر ٹریننگ پلان کے تحت کنٹریکٹر سٹاف کے لیے بھی ٹریننگ سیشن کا اہتمام کیا جاتا ہے۔چنانچہ ماہ اگست میں ذاتی حفاظتی آلات پر تربیتی نشست کا اہتمام کیا گیا جس میں سعید اقبال سیفٹی منیجر اور ٹرینگ آفیسر راجہ اکبر نے کنٹریکٹر سٹاف کو ذاتی حفاظتی آلات پر ٹریننگ دی۔سعید اقبال سیفٹی منیجر نے اس ٹریننگ میں ذاتی حفاظتی آلات کی اہمیت کے بارے میں بتایا۔اس نشست میں خصوصی طور پر تمام ٹریننگ کرنے والے رفقائے کار کو ذاتی حفاظتی آلات کی استعمال کی عملی تربیت دی گئی جس کا مثبت رزلٹ ملا۔تمام ٹریننگ کرنے والوں نے اس بات کا عزم اور ارادہ کیا کہ ہم پلانٹ ایریا میں ذاتی حفاظتی آلات کا مکمل استعمال کریں گے۔جس پر سعید اقبال سیفٹی منیجر نے تربیت حاصل کرنے والوں کو شاباش دی۔

# الکلی اسپورٹس کلب انڈور گیمز ٹورنمنٹ






سوڈا ایش



آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش میں الکلی اسپورٹس کلب کمیٹی اپنے ایمپلائیز کے درمیان انٹر ڈیپارٹمنٹ ٹورنمنٹ کا انعقاد کرتی رہی ہے۔کبھی ہاکی،فٹبال،والی بال،کرکٹ،اس مرتبہ انڈور گیمز ٹورنامنٹ کرانے کا فیصلہ کیا گیا۔انڈور گیم میں سنوکر، بیڈمنٹن، کیرم بورڈ،ٹیبل ٹینس، کارڈز،شطرنج کے مقابلے ہوئے۔ یہ ٹورنامنٹ الکلی سپورٹس کلب میں 15 جولائی کو شروع ہوا اور اس کے فائنل میچ 25 جولائی کو ہوئے۔15 جولائی کو کلب کمیٹی جناب طاہر عباس،محمد ایوب،فیصل لطیف،توقیر احمد،ظفر اقبال نے ٹورنامنٹ میں حصہ لینے والوں کو اور جناب محمد عمر مشتاق ورکس مینیجر سوڈا ایش کو کلب تشریف لانے پر خوش آمدید کیا۔محمد عمر مشتاق ورکس مینیجر نے اس ٹورنامنٹ کا افتتاح کیا اس موقع پر صابر محمود پروڈکشن مینیجر، ڈاکٹر محمد راشد خان، محمد منیر اقبال، ای اینڈ آئی مینیجر، سعید اقبال ایس ایچ ای مینیجر اور ایمپلائیز یونین کے جنرل سیکریٹری ملک محمد اجمل، آرگنائزر محمد صغیر بٹ اور ورکرز کی بہت بڑی تعداد کلب میں موجود تھی،ٹورنامنٹ میں کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو ملے،سنوکر، بیڈمنٹن،شطرنج کے مقابلے سخت ہوئے،سنوکر کا فائنل عبدالمنان نے جیتا،شطرنج میں مظفر زیدی،ٹیبل ٹینس جہاں ہاشمی اور کیرم بورڈ کا فائنل تنویر حسین شاہ اور تنویر انجم نے اپنے نام کیا۔



27 جولائی کو شام 7 بجے کلب کے لان میں تقریب تقسیم انعامات تھی،اس تقریب کے مہمانِ خصوصی بھی محمد عمر مشتاق ہی تھے۔ان کے ہمراہ رضوان عزیز ایچ آر مینیجر اور سلیم احمد صدیقی آئی آر مینیجر بھی تشریف لائے۔محمد عمر مشتاق نے فائنل جیتنے والوں اور رنرز اپ کو انعامات دئے۔کلب کمیٹی کو کامیاب ٹورنامنٹ پر مبارکباد دی اور آئندہ بھی ٹورنامنٹ کرانے کا کہا۔انھوں نے کھلاڑیوں کو مبارکباد دی اور ان کی حوصلہ افزائی کی کلب کی طرف سے تمام مہمانوں کے لئے ریفریشمنٹ کا بھی انتظام تھا۔تقریب کے اختتام پر طاہر عباس نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا جو الکلی سپورٹس کلب تشریف لائے۔



# پُر فضا مری کی سیر

سوڈا ایش کی انتظامیہ اپنے ورکرز اور اپرنٹسز کو کسی بھی خوبصورت مقام کی سیر کراتی ہے۔اس مرتبہ بھی ورکرز نے مری کی سیر کرنے کا پروگرام بنایا۔آئی سی آئی انتظامیہ یہ سہولت تمام ورکرز کو مُہیا کرتی ہے۔اس میں تمام شفٹ ڈیوٹی کرنے والے بھی اور ڈے ورکرز شامل ہوتے ہیں۔شفٹ ورکرز کو ان کے ریسٹ پر ٹرانسپورٹ دی جاتی ہے۔اور ڈے ورکرز اور بی شفٹ کو پروگرام کے تحت اتوار کی ریسٹ پر یہ سہولت مہیا کی جاتی ہے۔

تمام ورکرز کو کمپنی کی طرف سے صبح ورکس کنٹین پر ناشتہ دیا گیا۔ اسکے بعد پروگرام کے تحت کوسٹر کے ذریعے اسلام آباد میں بری امام جا کر رکے۔ بری امام دربار سے فارغ ہونے پر یہ قافلہ مری کی طرف رواں دواں تھا۔دِن ایک بجے مری کے مال روڈ پر آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش کے آئی آر ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے خوبصورت ہوٹل میں کھانے کا انتظام کیا ہوا تھا۔کھانے سے فارغ ہونے کے بعد مری روڈ پر واک کرتے ہوئے پنڈی پوائنٹ تک گئے ۔لفٹ پر لوگوں نے خوب انجوائے کیا ایک دوسرے کو چٹکلے سنائے اور فوٹو گرافی کی۔شام کو مال روڈ پر واک کیا۔چند لوگوں نے مال سے خریداری کی۔رات ایک بجے یہ قافلہ واپس کھیوڑہ پہنچ گیا۔تمام لوگوں نے یونین اور انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔محبتوں نے اس پر فضاء اور خوبصورت مقام کی سیر کو یادگار بنانے میں ایک دوسرے کی مدد کی۔اللہ تعالیٰ اس ادارے کو قائم دائم رکھے۔آمین۔

سوڈا ایش



















# الکلی سپورٹس کلب کمیٹی کی طرف سے سوڈا ایش کے ایمپلائیز کے اعزاز میں افطار ڈنر۔

رمضان کا مبارک مہینہ ان عظیم نعمتوں میں سے ایک انتہائی عظیم نعمت ہے جو اللہ تعالیٰ نے امت مسلمہ کو عنایت فرمائی ہیں اس ماہ میں ہمیں محمد ﷺ کو رسالت کی نعمت عطا کی اس ماہ میں قرآن مجید ہمیں عطا کیا گیا جو ہدایت ہے، فرمان ہے ،رحمت ہے،نور ہے،شفا ہے،اور اسکی رحمتوں کی بارش ہماری زندگیوں کو سیراب کرنے کے لئے برس رہیں ہیں۔اس ماہ کی ہر گھڑی میں فیض و برکت کا اتنا خزانہ پوشیدہ ہے،توفیق الٰہی کے بغیر یقیناً کچھ نہیں ملتا۔لیکن یہ توفیق بھی اُسی کو ملتی ہے جو کوشش اور محنت کرتا ہے اس لئے ہر کوئی اس مہینے میں خاص اہتمام کرتا ہے کہ اپنے بھائی بہنوں کے کام آئے اور اپنے مال میں سے اُن کا حق دے انتہائی عظیم انعامات مخلوق خدا کی خدمت سے ملتے ہیں۔

روایت کو زندہ رکھنا ہر آنے والے کا فرض ہوتا ہے اس مرتبہ بھی حسبِ روایت الکلی سپورٹس کلب کمیٹی نے کلب کے سرسبز لان میں آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش کے تمام ایمپلائیز کے اعزاز میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا۔اس افطار ڈنر میں تقریباً 475 لوگوں نے شرکت کی۔کلب کمیٹی نے 130 لوگوں کے لئے کھانا اور افطاری پیک کر کے پلانٹ پر ڈیوٹی والی جگہ تک پہنچائی۔

کلب کمیٹی نے تمام معزز مہمانوں کو خوش آمدید کیا۔کلب کمیٹی میں چوہدری طاہر عباس صدر الکلی سپورٹس کلب ،سیکریٹری محمد ایوب، توقیر احمد، حاجی محمد اسمعیل ،محمد اصغر،محمد ظفر اقبال شامل تھے۔

اس افطار ڈنر میں جناب محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈا ایش نے بھی شرکت کی۔

افطاری کے بعد نماز کا بھی اہتمام کیا گیا تھا قاری محمد سلیم صاحب نے نماز پڑھائی اور خصوصاً دعا کی گئی۔

جناب محمد عمر مشتاق اور تمام معزز مہمانوں کو ڈنر کے لئے دعوت دی گئی، ورکس منیجر محمد عمر مشتاق لوگوں میں گھل مل گئے اور شرکاء سے تبادلہ خیال کیا، آخر میں تمام لوگوں نے کلب کمیٹی کو خوبصورت انتظام کرنے پر مبارکباد دی۔


ہماری دعا ہے کہ یہ حسین روایت ہمیشہ زندہ رہے۔



















سوڈا ایش

# ڈسٹ بن کا عطیہ









آئی سی آئی پاکستان جہاں بھی بزنس کرتی ہے۔ وہاں اپنی ہر ذمہ داری بطریقِ اَحسن پُورا کرتی ہے۔ اچھے ماحول کی فراہمی کے لیے ہماری کمپنی ہمہ تن مصروف رہتی ہے۔ ہاؤس کیپنگ اچھا ماحول پیدا کرنے کے لیے پہلا قدم ہے۔ اس سلسلے میں آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش بزنس نے مقامی گورنمنٹ کالج کو دس عدد ڈرم بطور ڈسٹ بن مہیا کیے۔ جب پرنسپل صاحبہ محترمہ شاہدہ عبداللہ کو یہ ڈرم حوالے کیے تو انہوں نے آئی سی آئی پاکستان کی سماجی خدمات کو شاندار الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کمپنی انتظامیہ کی نمائندگی کرنے والی ٹیم جسکی قیادت جناب سلیم صدیقی کر رہے تھے۔ اُن کا بھی شکریہ ادا کیا۔ اس تقریب میں مقامی بوائز کالج کی تنظیم ''البیرونین'' کے اراکین اور اُن کے سرپرست جناب پروفیسر نیاز حسن اعوان اور مقامی سوشل ورکر جناب خواجہ شفقت محمود نے بھی خصوصی شرکت کی۔

سوڈا ایش

# نماز کیلئے نئی جگہ

آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ میں پلانٹ کے توسیعی منصوبے پر کام زور وشور سے جاری ہے۔ پلانٹ کی نئی تعمیر و تشکیل کا کام جس رفتار سے آگے بڑھ رہا ہے۔ اِس کے لیے ضروری تھا کہ موجود نماز کی جگہ کو ایک نئی عمارت میں منتقل کر دیا جائے۔ نماز کی ادائیگی کے لیے نئی جگہ کا تعین یونین اور انتظامیہ نے ملکر کیا۔ جس سے نماز کی ادائیگی میں مزید سہولت آگئی ہے۔ نماز کی جگہ کا افتتاح عمر مشتاق ورکس منیجر نے سی بی اے کے جنرل سیکریٹری ملک محمد اجمل کے ساتھ ملکر کیا۔ اس موقع پر سی بی اے ایمپلائیز کی بڑی تعداد بشمول سوڈا ایش ٹریڈ یونین کے نمائندے چوہدری محمد سلیم انجم، ملک سلیم اصغر اور بابو عبدالستار نے شرکت کی۔ اس موقع پر رضوان عزیز ہیومن ریسورس منیجر، جناب سلیم صدیقی IR منیجر اور ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس بھی موجود تھے۔ موقع کی مناسبت سے ایمپلائیز اور یونین کے نمائندوں نے کمپنی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔





# وننگٹن اسکول کارنر

نہیں ہے نا اُمید اقبال اپنی کِشتِ ویراں سے
ذرا نم ہو تو یہ مٹی بہت زرخیز ہے ساقی

وننگٹن سکول کھیوڑہ ۱۹۹۲ سے لے کر آج تک اپنے شاندار تعلیمی ریکارڈ اور نصابی وغیر نصابی سرگرمیوں میں ایک شاندار ورثے کا مالک رہا ہے۔ سالہا سال سے یہ سکول علاقے بھر میں اعلیٰ کارکردگی دکھاتا رہا ہے۔ یہاں تعلیم حاصل کرنے والے بچے امتحانات میں پوزیشن لیکر نہ صرف اپنا، اپنے والدین کا بلکہ اسکول کے اساتذہ کا سر فخر سے بلند کرتے رہتے ہیں۔ اس سال نہ صرف وننگٹن سکول نے اپنی شاندار روایت کو برقرار رکھا بلکہ 2016 کے نہم جماعت کے بورڈ کے امتحان میں دو طالبات نے بورڈ میں پہلی پوزیشن حاصل کر کے اساتذہ اور والدین کا سر فخر سے بلند کر دیا اور وننگٹن سکول کا نام روشن کر دیا، راولپنڈی بورڈ میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات کے نام اور نمبر درج ذیل ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| نورالعین حیدر | ۴۹۸ | ۹۸.٦% | پہلی پوزیشن |
| مریم خالد | ۴۹۸ | ۹۸.٦% | پہلی پوزیشن |

ان کے علاوہ حمائلہ ایوب نے ۴۹۵ اور جانیس فرزام نے ۴۹۳ نمبر حاصل کر کے سکول میں دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کی، امتحان میں کل ۱۹ طلبا و طلبات شریک ہوئے، اوسط ۹۳.٦ فیصد ہے اور تمام طلباء طالبات نے A+ گریڈ حاصل کیا تمام بچوں نے اپنی شاندار کامیابی کو وننگٹن سکول کے اساتذہ کی محنت اور والدین کی دعاؤں کا ثمر قرار دیا۔




میرا نام مریم خالد ہے، میں وننگٹن سکول میں دسویں جماعت کی طالبہ ہوں، ۲۰ اگست ۲۰۱۶ کو جب نہم جماعت کے نتائج کا اعلان ہوا تو اپنا نتیجہ دیکھ کر مجھے ساعت اور آنکھوں پر یقین نہیں آ رہا تھا۔ میں نے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ۵۰۵ میں سے ۴۹۸ نمبر حاصل کر کے اوسط ۹۸.٦ فیصد ہے، میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتی ہوں جس نے مجھے اتنی بڑی کامیابی سے نوازا میں نے نہ صرف ضلع جہلم بلکہ راولپنڈی بورڈ میں ٹاپ کیا ہے میری اس کامیابی کے پیچھے میرے والدین کی دعائیں، اساتذہ کی رہنمائی اور میری دن رات کی محنت کا ہاتھ ہے میں اپنے اساتذہ کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتی ہوں اور اللہ سے دعا ہے کہ وہ مجھے مزید محنت کی استطاعت دے اور میرے سکول کو دن دوگنی اور رات چوگنی ترقی عطا کرے۔ (آمین)




میرا نام نورالعین حیدر ہے میں جماعت دہم کی طالبہ ہوں کچھ دن پہلے ۲۰ اگست کو ہمارا نہم کا نتیجہ نکلا میں نے کل ۵۰۵ نمبروں میں سے ۴۹۸ نمبر حاصل کیے اور راولپنڈی بورڈ میں پہلی پوزیشن حاصل کی یہ سب میرے والدین کی دعاؤں، میری شبانہ روز محنت اور اساتذہ کی کاوشوں کا نتیجہ ہے، میں بڑے ہو کر ڈاکٹر بننا چاہتی ہوں اور اب اس نتیجے کے بعد مجھے مزید محنت کرنی ہے تاکہ میں اپنی منزل اور مقصد کو پاسکوں ڈاکٹر بننے کی منزل کی طرف یہ میرا پہلا سنگ میل ہے۔ میں نے الحمدللہ سارے مضامین میں اعلیٰ نمبروں سے کامیابی حاصل کی ہے یہ سب میرے مشفق اساتذہ کی رہنمائی کی بدولت ہوا ہر کسی کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ بڑا ہو کر ملک و قوم کی خدمت کرے میری بھی یہ شدید خواہش ہے کہ میں بڑے ہو کر کچھ ایسا کروں کہ سب کو فائدہ ہو مجھے فخر ہے کہ میں نے اپنے سکول کا نام روشن کیا انشاءاللہ آگے بھی محنت کرتی رہوں گی اللہ تعالیٰ مجھے اپنے والدین اور اساتذہ کی اُمیدوں پر پورا اُترنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

# تیز رفتاری موت کی شکاری

اریحا اقبال۔ جماعت ہفتم

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ لاہور میں ایک ہونہار بچہ رہتا تھا جس کا نام سلیمان تھا اس کے پاس ہر طرح کا آسائش کا سامان تھا، اکلوتا ہونے کی وجہ سے وہ بگڑ گیا تھا، والدین اُس کی ہر خواہش پوری کرتے اور وہ اس کا ناجائز فائدہ بھی اٹھاتا تھا مگر ایک بات اُس کی اچھی تھی کہ وہ پڑھائی میں اچھا تھا، ہر سال جماعت میں اول آتا تھا اس سے زیادہ سکول میں کوئی ذہین نہ تھا وہ پڑھنے کے ساتھ ساتھ خوب کھیلتا بھی تھا، میٹرک کرنے کے بعد اُس کا داخلہ ایک اچھے کالج میں ہوگیا وہاں بھی اُس کی ذہانت نے ہر موقع پر اُس کا ساتھ دیا وقت کے ساتھ ساتھ اُس کے دوستوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا گیا زیادہ تر دوست ایسے تھے جو پڑھائی سے زیادہ کھیل کے دلدادہ تھے ایسے دوستوں کی صحبت میں رہ رہ کر وہ بھی بگڑنے لگا اور پڑھائی میں بھی پیچھے رہنے لگا اب تو وہ گھر والوں سے جھوٹ بھی بولنے لگا تھا گھر دیر سے آنے پر اکثر یہ بہانہ کرتا کہ وہ فلاں دوست کیساتھ مل کر پڑھائی کر رہا تھا یا میرے فلاں دوست کی امی نے کھانے پر روک لیا تھا اس کے والدین کو پتا ہی نہ چلتا کی اُن کا بیٹا اُن سے جھوٹ بول رہا ہے۔

سلیمان اکثر پارک میں لوگوں کو تنگ کرتا، بچوں سے کھانے پینے کی چیزیں چھین لیتا اُن کے بال تک کھینچ کر بھاگ جاتا اب وہ پہلے



والا سلیمان نہ تھا دوسروں کو تنگ کرنا اس نے اپنی عادت بنالیا تھا کالج کے دوسرے لڑکے اس سے دور دور رہتے تھے کیونکہ اُنہیں پتہ تھا کہ اگر وہ اُس کی ہاں میں ہاں نہیں ملائیں گے تو سلیمان ناراض ہوگا اور لڑائی کرے گا۔

سلیمان کے ایک دوست کلیم کو اُس کے ابو نے نئے ماڈل کی موٹر سائیکل لے کر دی اس موٹر سائیکل کو دیکھ کر سلیمان کے ہوش اُڑ گئے وہ جیسے ہی کالج سے گھر گیا اُس نے اپنے والد سے موٹر سائیکل کی فرمائش کر دی چونکہ وہ اکلوتا تھا اُس کی ہر خواہش پوری ہوتی تھی اس لیے موٹر سائیکل بھی اُس کو مل گئی. وہ ساری رات یہ سوچتا رہا کہ وہ کل اس پر سوار ہو کر کالج جائے گا تو اُس کے دوست اُس پر رشک کریں گے، خوب تعریف کریں گے، یہ سوچتے اُس کی آنکھ لگ گئی اُس نے خواب میں دیکھا کہ وہ کلیم کے ساتھ ریس لگاتا ہے اور دس لاکھ روپے جیت جاتا ہے۔

صبح جب وہ کالج گیا تو سب کچھ اُس کے توقع کے مطابق تھا سب نے کلیم کی بجائے اُس کی موٹر سائیکل کی تعریف کی پھر سلیمان نے کلیم کو ریس لگانے کے لئے چیلنج کیا وہ بھی ہار ماننے والا نہ تھا کالج سے واپسی پر مین روڈ پر ریس شروع ہوئی ابتدا میں کلیم سلیمان سے آگے تھا لیکن سلیمان نے رفتار تیز کی اور مزید تیز کرتا چلا گیا اور کلیم سے بہت آگے نکل گیا وہ گردن موڑ کر پیچھے کلیم کو دیکھ رہا تھا کہ وہ کتنی دور ہے اُسے صرف اتنا سنائی دیا "آگے دیکھو، آگے دیکھو" کے اتنے میں سلیمان کی ایک کار سے ٹکر ہوگئی تھی۔

لوگوں کا ایک ہجوم اکٹھا ہو گیا اس ہجوم کے درمیان ایک نوجوان لڑکا سڑک پر گرا ہوا تھا اس کے کپڑے خون میں لت پت تھے اور موٹر سائیکل کا پہیہ گھوم رہا تھا کچھ نیک دل لوگوں نے اسے ہسپتال پہنچایا سلیمان کے دوستوں نے ان کے گھر اطلاع دی جب گھر والے ہسپتال پہنچے تو سلیمان کے سر کا آپریشن ہو رہا تھا اس کی امی کی حالت دیدنی تھی سب سلیمان کے لئے دُعائیں کر رہے تھے آخر کار سب کی دعائیں رنگ لائیں اُس کا آپریشن کامیاب ہوا ایک ہفتہ ہسپتال میں رہنے کے بعد وہ گھر آ گیا اُس نے امی کو سارا واقعہ بتایا اور معافی مانگی وہ واقعی بہت شرمندہ تھا اُس نے والدین سے وعدہ کیا کہ آئندہ ایسا نہیں ہوگا والدین نے اُسے سمجھایا کہ ٹریفک کے قوانین پر عمل کرنا چاہیے تاکہ قیمتی جانیں محفوظ رہ سکیں کیونکہ تیز رفتاری، موت کی شکاری ہے۔

# کیمیکلز کے کامیاب سال کی تقریب

رپورٹ: مہوش صدیقی





30 جون 2016ء کو ختم ہونے والے کمپنی کے مالی سال کے دوران کیمیکلز بزنس نے نہایت شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور کمپنی منافع میں نہایت اہم کردار ادا کیا۔ 16-2015ء کے کامیاب مالی سال کے اختتام پر بزنس کی جانب سے ایک تقریب منانے کا فیصلہ کیا۔ اس سلسلے میں 25 جولائی 2016 کی تاریخ مقرر کی گئی اور تمام مقامات (کراچی، لاہور اور فیصل آباد) میں ہائی ٹی کا اہتمام کیا گیا۔

گزشتہ سال کے مقابلے میں کیمیکلز کی بے مثال کارکردگی ایسی تقریب کیلئے بہترین جواز ہے۔ اس کامیابی کے لئے کیمیکلز بزنس کے ہر کارکن کی کاوشیں قابل ستائش ہیں جن کے بغیر بزنس میں کوئی بھی اضافہ ممکن نہیں تھا۔

اس موقع پر کمپنی کی مینجمنٹ ٹیم کے بعض ممبران نے بھی ہیڈ آفس میں منعقدہ ہائی ٹی کی تقریب میں شرکت کی اور کیمیکلز کے کارکنوں کی اپنے بزنس میں بہترین کارکردگی دکھانے پر ان کی تعریف کی۔ چیف ایگزیکٹو آصف جمعہ نے کیمیکلز بزنس کی ترقی کے جذبہ کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ کیمیکلز بزنس جلد ہی آئی سی آئی پاکستان میں نمایاں ترین بزنس کا شعبہ ہوگا۔ جنرل مینجر ارشدالدین نے تمام اسٹاف کو مبارکباد دی اور بزنس سے منسلک دیگر شعبوں کے تمام ملازمین کی خدمات کا بھی اعتراف کیا جنہوں نے اپنے شعبے کے کاموں میں اپنا بھرپور تعاون پیش کیا جس کے سبب بہترین نتائج برآمد ہوئے۔ تقریب کا اختتام پرتکلف کھانوں سے ہوا۔ کیمیکلز بزنس اب اپنی کامیابی کی روایت قائم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔

کیمیکلز

# ایک یادگار دن پلانٹ اسٹاف کی پکنک

رپورٹ: انس احمد جعفری



آئی سی آئی پاکستان کی ایک خوبصورت روایت پلانٹ اسٹاف کی سالانہ پکنک کی تقریب ہے۔ اس مرتبہ یہ پکنک 31 جولائی 2016 کو سن وے لیگون واٹر پارک، گھارو، ضلع ٹھٹھہ میں منعقد ہوئی۔ یہ سب کیلئے روزمرہ کی تھکا دینے والی کیمیکلز پلانٹ کی پیداواری مصروفیات سے ہٹ کر ایک ساتھ تفریح منانے کا ایک بہترین موقع تھا اور ہر فرد اس میں بہت لطف اندوز ہو رہا تھا۔

سب لوگ صبح سویرے اپنے اپنے گھروں سے روانہ ہوئے جبکہ راستے میں ہائی وے ریسٹورنٹ پر ایک پرتکلف ناشتہ کا اہتمام کیا گیا تھا۔ ناشتے کے بعد اپنے سفر کے اگلے مرحلے پر روانہ ہوئے اور تقریباً 11 بجے دن واٹر پارک پہنچ گئے۔



سن وے لیگون میں ہر ایک کیلئے مختلف دلچسپیاں موجود ہیں، جیسے نوآموز افراد کیلئے پانی میں پھسلنے کی سلائیڈز جو ہر ایک کیلئے ایک ایڈونچر تھا۔ یہاں یہ خوشی کی بات تھی کہ تالابوں کے پانی کی کوالٹی عمدہ تھی اور یہ صاف ستھرا اور آلودگی سے پاک تھا۔

سب ہی پانی کے اندر موج مستی اور تیرنے کے مختلف تجربے کرتے رہے اور وقت کے گزرنے کا پتہ ہی نہ چلا۔ 1.30 بجے کے قریب سب نہا کر پول سے باہر نکل آئے جہاں بے حد لذیذ ڈشز ان کی منتظر تھیں۔ کھانے کے بعد ظہر کی نماز ادا کی گئی۔

کھانے اور کچھ دیر آرام کے بعد سب نے سلائیڈز کا رخ کیا جہاں سے پہلی مرتبہ چھلانگ لگانا مشکل لگا مگر پھر سب اس سے لطف اندوز ہونے لگے۔ پانی میں کودنے اور ڈبکی لگانے کے ساتھ ساتھ خوشی اور مسرت کی ہاؤ ہو کی دلچسپ آوازوں نے ایک سماں باندھ دیا۔

چار بجے کے قریب جب سورج تھک کر ڈھلنے لگا تو ہمیں بھی دن بھر پانی میں اچھلنے کودنے سے تھکن نے آگھیرا۔ چنانچہ ہم باہر آگئے اور پھر چائے اور اسنیکس کا دور چلا جس کے بعد واپسی کی تیاری شروع ہوگئی۔

اس پکنک نے ہم سب کی روح میں ایک نئی تازگی بھر دی اور دلوں میں خوبصورت یادیں سما گئیں جو آئندہ طویل عرصے تک ہمیں اس دن کی جھلکیاں دکھاتی رہیں گی۔











# سی پی پالیمر کے ملازمین کی شٹ ڈاؤن سیفٹی پر ٹریننگ




پلانٹ شٹ ڈاؤن پلانٹ کو محفوظ اور بہتر طریقے سے چلانے کے لیے بہت ضروری ہے۔ شٹ ڈاؤن کے دوران خطرات زیادہ ہوتے ہیں کیونکہ پلانٹ کا کچھ حصہ چل رہا ہوتا ہے۔ ایسے حالات میں چھوٹی سی غلطی بہت بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہے۔ شٹ ڈاؤن کے دوران حادثات سے بچنے کے لیے ملازمین کا خطرات سے واقف ہونا بنیادی شرط ہے۔ سی پی پالیمر کے آفیسرز اور آپریٹرز کی شٹ ڈاؤن سیفٹی پر ٹریننگ مورخہ 22 ستمبر کو ٹریننگ سینٹر میں کروائی گئی جس میں دس لوگوں نے شرکت کی۔ ٹریننگ سیشن میں شفٹ کوآرڈینیٹر علی حیدر اعوان حمیر رشید اور آصف مسعود نے ٹرینر کے فرائض سرانجام دیئے۔

ٹریننگ میں پروسیس آئسولیشن اور ورک پرمٹ کی اہمیت پر خصوصی توجہ دی گئی۔ تمام آفیسرز اور آپریٹرز حضرات نے اِس کوشش کو سراہا اور محفوظ طریقے سے پلانٹ شٹ داؤن کے تمام کاموں کو انجام دینے کا عہد کیا۔

# مینجمنٹ سٹاف کے لئے شٹ ڈاؤن ٹریننگ کا انعقاد



مورخہ 21 ستمبر 2016 کو ایس بی ایس اور آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر بزنس کے اشتراک سے ایک ٹریننگ سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ ٹریننگ سیشن کا مقصد مینجرز میں شٹ ڈاؤن سیفٹی کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا تھا یاد رہے کہ پولیسٹر پلانٹ کو ستمبر کے آخری ہفتے میں شٹ ڈاؤن کیلئے بند کیا گیا جس کے لیے یہ ٹریننگ انتہائی مفید اور مثبت ثابت ہوئی۔ ایس بی ایس کے ٹرینرز محمد داؤد نے الیکٹریکل، ٹیکنیکل، پالیمر سیفٹی اور پلاننگ ڈیپارٹمنٹ کے 15 ملازمین کی ٹریننگ کروائی اور شٹ ڈاؤن میں آنے والے مختلف مسائل پر روشنی ڈالی۔

ٹرینر محمد داؤد نے اینیمیٹڈ (Animated) ویڈیوز کے ذریعے شٹ ڈاؤن میں پیش آنے والے حادثات کی نشاندہی کی اور اُن کی روک تھام کے لیے موثر طریقوں کا اظہار کیا۔ آخر میں تمام شرکاء نے اس بات کا عہد کیا کہ وہ شٹ ڈاؤن کے دوران تمام سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیں گے اور سیفٹی کے اصولوں پے کاربند رہیں گے۔



# تقریبِ تقسیمِ احرام





پولیسٹر بزنس میں سال 2016 کی حج قرعہ اندازی میں کامیاب ہونے والے خوش نصیب حجاج کرام میں احرام تقسیم کرنے کے لئے ورکس کینٹین ہال میں ایک پُروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔اس تقریب کے مہمانِ خصوصی جناب خالد محمود ورکس منیجر تھے۔

تقریب کا آغاز تلاوت قرآنِ کریم سے ہوا۔اس کے بعد نعتِ رسولِ مقبول ﷺ بہت ہی خوش الحانی کے ساتھ پڑھی گئی اور حجاجِ کرام میں احرام تقسیم کئے گئے۔اس کے بعد جناب خالد محمود اور جنرل سیکرٹری رانا خلیل الرحمٰن نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔اس تقریب میں پولیسٹر بزنس کے یونین عہدیداران اور ورکرز نے بھرپور شرکت کی۔تقریب کے اختتام پر تمام ورکرز کی ریفریشمنٹ سے تواضع کی گئی۔

# یونین عہدیداروں کے ساتھ تعارفی میٹنگ



آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر ایمپلائز یونین (CBA) برائے سال 2016-18 کیلئے منتخب ہونے والے عہدیداران کی منیجمنٹ کے ساتھ تعارفی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔جس میں تمام یونین عہدیداران، ورکس منیجر خالد محمود اور ایچ آر ٹیم نے شرکت کی۔ورکس منیجر خالد محمود نے تمام یونین عہدیداران کو منتخب ہونے پر مبارکباد دی۔

اس کے بعد تمام یونین عہدیداران نے اپنا مختصر تعارف کروایا۔میٹنگ کے دوران اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ ایک ٹیم کی حیثیت سے کمپنی اور اس بزنس کی ترقی اور خوشحالی کیلئے مل جُل کر کام کریں گے۔آخر میں تمام شرکاء کی گروپ فوٹو بنائی گئی۔



# مینگو پارٹی



آموں کے بارے میں غالب نے کیا خوب کہا کہ "آم ہوں اور بہت سارے ہوں" ہمارے پولیسٹر بزنس میں ہر سال آم کے موسم میں مینگو پارٹی کا انعقاد کیا جاتا ہے اسی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے اس سال بھی کینٹین میں یکم اگست بروز سوموار ورکس کینٹین ہال میں مینگو پارٹی کا انعقاد کیا گیا۔جس میں ورکرز کے علاوہ منیجمنٹ سٹاف اور اپرنٹسز نے بھی شرکت کی اور آم کے مزے سے لطف اندوز ہوئے۔آخر میں لسی کے ساتھ تواضع کی گئی۔

# آئی سی آئی پاکستان کی کوجنٹ بریڈنگ لمیٹڈ انگلینڈ کے ساتھ شراکت داری

## پاکستان کی لائیو اسٹاک انڈسٹری کیلئے انقلابی اقدام

### پارٹنرشپ سے پاکستان کی لائیو اسٹاک مارکیٹ کو مصنوعی افزائش نسل (تخم ریزی) کی معیاری پروڈکٹس کی فراہمی ممکن ہوگی





آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور کوجنٹ بریڈنگ لمیٹڈ کی پارٹنرشپ پاکستان کے لائیو اسٹاک بریڈرز (مویشیوں کی افزائش نسل کرنے والوں) کے لئے ایک بہت بڑی خوشخبری ہے کہ اب ان کے لئے دنیا کی ممتاز کمپنی کی پروڈکٹس اپنے ہی ملک میں دستیاب ہوں گی۔ اس حوالے سے سرگودھا، ساہیوال، خانیوال اور ملتان میں لائیو اسٹاک فارمرز کیلئے سیمینار منعقد کئے گئے ہیں اور ڈیری فارمرز سے ملاقاتوں کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔

ڈیری فارمرز کے لئے سب سے اہم اس کا مویشی ہے جو کہ اس کا سرمایہ ہوتا ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ اس کا مویشی بہترین نسل اور صحت کا حامل ہو لیکن غیر معیاری سیمن اور متعلقہ شعبے میں جدید ٹیکنالوجی کی معلومات سے آگاہی نہ ہونے کی وجہ سے ہمارے ڈیری فارمرز کا مویشی اس کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کر پاتا جس کے اس کے مالک کو اس سے توقع ہوتی ہے نتیجتاً ڈیری فارمر کو نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔

عالمی پس منظر کی حامل دونوں کمپنیوں کے لئے بھی یہ شراکت داری پاکستان کی لائیو اسٹاک انڈسٹری کیلئے بے حد سودمند ثابت ہوگی۔ انگلینڈ کی کوجنٹ بریڈنگ مویشیوں کی افزائش نسل، جدت اور انتخاب کے ساتھ سیکس سیمن ٹیکنالوجی (نطفہ سے متعلق تکنیکی مہارت) کے علمبردار کی حیثیت میں 20 سال سے زائد تجربہ کے باعث اس میدان میں اپنا کوئی ثانی نہیں رکھتی جبکہ آئی سی آئی پاکستان ایک مستحکم مینوفیکچرنگ اور ٹریڈنگ کمپنی ہے جو پاکستان میں مویشیوں کی صحت، بیج اور فارماسیوٹیکلز پر مشتمل لائف سائنسز میں خصوصی مہارت کی حامل ہے۔










فارمرز چوائس
فارمرز چوائس ونڈا
ICI PAKISTAN LTD
پنجاب میڈیسن کمپنی















دونوں کمپنیوں کے مابین ہونے والی پارٹنرشپ سے آئی سی آئی پاکستان فوری طور پر کوجنٹ کی اعلیٰ معیاری بووائن سیمن درآمد کرتے ہوئے اپنے ملک بھر میں قائم ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک سے پروڈکٹ کی فراہمی کو یقینی بنائے گی جبکہ پاکستان میں بھی ایک جدید پروڈکشن پلانٹ لگایا جائے گا۔

پاکستان میں مویشیوں کی تعداد 76 ملین سے زیادہ ہے اور ملک بھر میں افزائش نسل کے لئے معیاری سانڈ بہت ہی کم پائے جاتے ہیں جبکہ مقامی طور پر بنائی جانے والی سیمن پروڈکٹس کی فراہمی بھی کمی کا شکار ہے۔ ایسی صورتحال میں دونوں کمپنیوں کا اشتراک عمل نہ صرف A2/A2 ملک جین کے حامل معیاری سانڈوں کے انتخاب میں معاون ہوگا بلکہ مقامی مارکیٹ کی طلب کو پورا کرتے ہوئے معیاری پروڈکٹس کی فراہمی کو بھی یقینی بنائے گا۔













کوجنٹ لمیٹڈ کی پروڈکٹس اب پاکستان میں دستیاب ہیں۔ جبکہ آئندہ دو سالوں میں ملک میں سیمن پروڈکشن پلانٹ کا قیام متوقع ہے۔ ڈسٹری بیوشن معاہدے کے ایک جز کے مطابق پیداواری پلانٹ کے قیام، بائیوسیکورٹی کے ابتدائی ڈیزائن، صحت اور حفاظت کے امور سمیت اسٹاف کی تکنیکی تربیت میں بھی کوجنٹ بریڈنگ لمیٹڈ کے ماہرین کی ٹیم مکمل طور پر شامل رہے گی۔

اس موقع پر وائس پریذیڈنٹ، لائف سائنسز اور اسٹریٹجی، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ جناب سمیع کشمیری نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ "کوجنٹ کے ساتھ اشتراک عمل سے ہم بہت خوش ہیں، کوجنٹ مصنوعی افزائش نسل کے میدان میں ایک علمبردار کی حیثیت سے مشہور و ممتاز ادارہ ہے۔ اس پروجیکٹ سے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا لائف سائنسز بزنس ڈیری فارم مینجمنٹ کے تقریباً تمام مسائل کا حل فراہم کرنے والا ادارہ بن جائے گا۔ یہ پروجیکٹ ہمارے ملک میں جانوروں کی صحت سے متعلق ہماری پروڈکٹس کے وسیع پورٹ فولیو میں بہترین اضافہ ہوگا اور ہمارے عزم Cultivating Growth کا ثبوت ہوگا۔"

"کوجنٹ کے ساتھ ہونے والی اس پارٹنرشپ سے اس بات کی ضمانت ملتی ہے کہ مقامی مارکیٹ میں اعلیٰ معیاری بووائن سیمن دستیاب ہوگی جس سے ملک بھر کے لائیواسٹاک کے معیار سمیت گوشت اور دودھ کے شعبوں پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوں گے جس کی بدولت صارفین کو بہترین معیار کے دودھ اور گوشت کی مصنوعات کی فراہمی بھی ممکن ہوگی۔"

آئی سی آئی پاکستان کے ساتھ اشتراک عمل پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے انٹرنیشنل سیلز منیجر، جان کوکرین نے کہا کہ "ہم اپنے آئی سی آئی کے دوستوں کے ساتھ کچھ عرصہ سے اس پروجیکٹ پر کام کر رہے ہیں اور آئندہ مہینوں میں اپنی پروڈکٹس کی فراہمی کے لئے پرامید ہیں۔ آئی سی آئی پاکستان کے ساتھ کام کرنا کوجنٹ کے افزائش نسل کی پروڈکٹس میں اعلیٰ معیار پر کوئی سمجھوتا نہ کرنے کا اعادہ کرتا ہے۔ بلکہ ہماری مشترکہ مہارتیں اس بات کو یقینی بنائیں گی کہ پاکستان بھر کے ڈیری فارمرز اور لائیواسٹاک بریڈرز کو ان کے مسائل کے جدید حل تک رسائی ممکن ہو سکے تاکہ ان کے کاروباری مفادات کا تحفظ بھی ممکن ہو۔"

اس سے قبل کوجنٹ کی ٹیم نے شیخوپورہ میں سردار عرفان ڈوگر کے فارم ہاؤس کا دورہ کیا اور وہاں موجود مویشیوں اور سہولتوں کا جائزہ لیا۔

















### اینیمل ہیلتھ ڈویژن
### آپ کا مویشی۔آپ کا سرمایہ

# پروڈکٹ ٹریننگ پروگرام

رپورٹ: ڈاکٹر شکیل خان (اسسٹنٹ پروڈکٹ منیجر لائیواسٹاک)

تکنیکی مہارت ہمیشہ اینیمل ہیلتھ ڈویژن کی بنیادی اہلیت رہی ہے۔ہم مویشیوں کی پیداواری صلاحیت میں بہتری لانے کیلئے انتہائی بنیادی سطح پر جدید ٹیکنالوجیز اور پروڈکٹس کے بارے میں زیادہ سے زیادہ آگہی فراہم کرنے میں کوشاں رہتے ہیں۔اس سلسلے میں یہ بات انتہائی اہم ہے کہ ہمارے فرنٹ لائن سیلز اسٹاف کو ضروری تکنیکی معلومات سے گہری واقفیت ہو اور ان میں یہ صلاحیت ہو کہ وہ یقینی طور پر صارفین کو مکمل اطمینان دلاسکیں۔

اس بات کے پیش نظر ڈاکٹر شکیل خان (اسسٹنٹ پروڈکٹ منیجر لائیواسٹاک) نے کمپنی میں نئے شامل ہونے والے افراد کی شمال اور جنوب کی ٹیموں کیلئے جولائی اور اگست کے مہینوں میں پروڈکٹ ٹریننگ پروگرام کا اہتمام کیا۔ٹریننگ کے پہلے مرحلے میں مویشیوں میں خاص طور پر پیٹ کے کیڑے مارنے والی دواؤں کی اقسام کے بارے میں گفت وشنید ہوئی۔ڈاکٹر شکیل نے ان نئے شرکاء کو مویشیوں کی مختلف طفیلی بیماریوں کے بارے میں تفصیل سے سمجھایا کہ کون سے علاقوں اور کون سے موسم میں مویشی کس قسم کی بیماری سے متاثر ہوتا ہے۔انہوں نے ان بیماریوں سے متعلق دیگر مسائل پر بھی بات چیت کی اور بتایا کہ اگر ان بیماریوں کے جراثیم کا خاتمہ کردیا جائے تو مویشیوں کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہوسکتا ہے۔

بعدازاں انہوں نے فارمر چوائس کی دوسری پروڈکٹس پر بھی گفتگو کی جن میں خاص طور پر نئی پیش کی جانے والی اینٹی بایوٹک دوا Moxyl LA اور وٹامن Multivor شامل ہیں۔انہوں نے یہ بھی بتایا کہ یہ اینٹی بایوٹک ،بیکٹیریا سے پھیلنے والی اُن بیماریوں کے علاج کیلئے کتنی فائدہ مند ہے جن سے مویشیوں میں شرکاء کو وہ تمام معلومات حاصل ہوئیں جو ہماری پروڈکٹ کے بارے میں ڈیری فارمرز کمیونٹی میں آگہی پیدا کرنے کیلئے ضروری ہیں۔اس ٹریننگ کا مقصد سیلز ٹیم میں وہ صلاحیت پیدا کرنا تھا جس سے وہ نچلی سطح تک کے لاتعداد صارفین کو سمجھا سکیں اور بہترین طرز عمل اور جدید ترین حل پیش کریں جو مویشیوں کی پیداواری صلاحیت میں نمایاں اضافہ کرسکے۔کیونکہ ہمارا کہنا ہے کہ آپ کا مویشی۔آپ کا سرمایہ ہے۔

آئی سی آئی پاکستان سندھ اور پنجاب کی مارکیٹوں میں پہلے ہی سے مضبوط مقام کی حامل ہے اور ہم طویل عرصے سے صارفین کو معیاری پروڈکٹس فراہم کررہے ہیں۔اب ہم اپنے کاروبار کو کے پی کے ریجن تک وسعت دینے کا ارادہ رکھتے ہیں۔اس ریجن میں ٹکڑیوں میں بٹے کسانوں ،مشکل زمینی حالات ،کم علمی اور ڈیری مصنوعات کی عدم دستیابی کے باعث مارکیٹ میں بڑا خلا موجود ہے چنانچہ اس خلا کو پُر کرنے کے لئے ہم اپنے اس اقدام کے سلسلے میں مختلف معاون سرگرمیاں ترتیب دے رہے ہیں،جن میں ریڈیو کے ذریعہ اپنی پروڈکٹ کے پورٹ فولیو،اس کے استعمال، اس کے بڑے تقسیم کاروں اور ان سے رابطے کی تفصیلات بتائی جائیں گی۔اس کے علاوہ 25 سیمینار منعقد کئے جائیں گے جن میں جانوروں کی صحت، متوازن خوراک اور فارم کے انتظامات کے بارے میں معلومات فراہم کی جائیں گی۔اس سلسلے میں (ایم ڈی ایف) کے اشتراک سے سوات کے مختلف علاقوں میں بوقت ضرورت جانوروں کو بوقتِ علاج قابو کرنے کیلئے کیٹل کرش بھی تنصیب کئے جائیں گے۔

آئی سی آئی پاکستان کو توقع ہے کہ کمپنی کے اس اقدام کی بدولت ڈیری فارمرز کی معلومات میں اضافہ اور معیاری مصنوعات کی دستیابی میں بہتری آئے گی جس کی وجہ سے جانوروں کی اچھی صحت ،اموات کی شرح میں کمی، بہتر پیداوار کا حصول اور مجموعی طور پر ڈیری فارمرز کی آمدنی میں اضافہ ممکن ہوگا۔مزید یہ کہ اس اقدام سے نہ صرف ڈیری فارمرز کو سہولت میسّر ہوگی بلکہ مستقبل میں یہ ڈیری فارمرز کو بااختیار بنانے میں بھی مددگار ہوگا جو اس وقت پروڈکٹ سے متعلق محدود سمجھ بوجھ رکھنے کے سبب اپنے جانوروں کے بارے میں مختلف مسائل سے دوچار رہتے ہیں۔





اینیمل ہیلتھ ڈویژن
آپ کا مویشی۔آپ کا سرمایہ

# دوآبہ ریجن میں لائیواسٹاک کے شعبے کا ماہرین کا اجتماع

رپورٹ: ڈاکٹر شکیل خان
(اسسٹنٹ پروڈکٹ مینیجر لائیواسٹاک)

TSO گجرات حسن تبسم اور معاون ادویات اور کارپوریٹ ادویہ ٹیم کے رضوان نے مشترکہ طور پر جلال پور جٹاں اور سرائے عالمگیر میں لائیو اسٹاک کے شعبے کے ماہرین کے اجتماع کا اہتمام کیا۔اس کا مقصد لائیواسٹاک انڈسٹری کے مختلف شعبوں میں آئی سی آئی برانڈ کو فروغ دینا اور ان ماہرین سے رابطہ قائم کرنا تھا جو بآسانی ہمارے موجودہ برانڈز کو مختلف جہتوں اور ان کے پورٹ فولیو میں سیلز کو بہتر بنانے کا سبب ہوں۔اس اجتماع میں 25 ماہرین اور 13 پیراویٹ ڈاکٹرز شامل تھے۔ان اجتماعات کا بنیادی مقصد ڈاکٹرز اور پیرا ویٹ عملہ کو اپنی موجودہ اور نئی پیش کی جانے والی پروڈکٹس جیسے Moxyl LA اور Multivor کے

بارے میں معلومات فراہم کرنے کے علاوہ (ایم ایس ڈی) اور اندرونی اور بیرونی جراثیم کیلئے استعمال ہونے والی فارمر چوائس دوا (anthelminti) کے بارے میں تازہ ترین معلومات بہم پہنچانا تھا۔اس لئے تمام شرکاء کو ملٹی میڈیا کے ذریعے دلائل کے ساتھ اپنی پروڈکٹ سے متعلق تفصیلات سے آگاہ کیا گیا۔

دوآبہ ریجن کے ریجنل سیلز مینیجر صداقت نے شرکاء کو وانڈا اور اس کے فوائد کے بارے میں بتایا اور واضح کیا کہ کس طرح متوازن خوراک کے ذریعے ہم دودھ کی پیداوار میں اضافہ کر سکتے ہیں۔انہوں نے یہ بھی بتایا کہ KNZ نمک چٹانے سے جانوروں میں ان چھوٹی بڑی معدنیات کی کمی کو دور کیا جا سکتا ہے جس کی وجہ سے ان کا تولیدی نظام متاثر ہوتا ہے اور اس کے علاوہ دودھ کی پیداوار میں بھی کمی ہو جاتی ہے۔

تمام ڈاکٹروں کو جانوروں کی موجودہ بیماریوں کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا اور ان کے علاج کے صحیح طریقے استعمال کرنے کا مشورہ دیا گیا۔اس کے علاوہ دیگر پروڈکٹس بشمول وانڈا، ڈی وورمرز، میٹری کیور سپر اون اور فارمر چوائس پورٹ فولیو کے بارے میں نہایت تفصیل سے گفت و شنید ہوئی۔اس سلسلے میں ڈاکٹروں کی حوصلہ افزائی کی گئی کہ وہ ان پروڈکٹس اور ان کے استعمال سے متعلق ہر طرح کے سوالات پوچھ سکیں۔

آئی سی آئی پاکستان کی ٹیمیں مارکیٹ میں بنیادی سطح تک ان برانڈز کے فروغ کیلئے بہترین طور پر کام کر رہی ہیں۔اس سلسلے میں وہ ایک معمول کی سرگرمی کے طور پر ایسے اجتماعات کا انعقاد کرتی ہیں اور نچلی سطح تک پہنچ کر درج بالا پروڈکٹس کو صارفین کی منتخب پروڈکٹ بنانے میں کوشاں ہیں۔

اس اجتماع کے اختتام پر برانڈ کی ایکویٹی کے لئے پریکٹیشنرز میں معلوماتی مواد اور Nilzan کے نمونے تقسیم کئے گئے اور لنچ کا اہتمام کیا گیا۔







اینیمل ہیلتھ ڈویژن
آپ کا مویشی۔آپ کا سرمایہ

# MDF کے اشتراک سے سوات میں ڈیری فارمرز کا اجتماع

رپورٹ: ڈاکٹر شکیل خان اسسٹنٹ پروڈکٹ منیجر لائیواسٹاک )

آئی سی آئی پاکستان اینیمل ہیلتھ کے برانڈز کو مختلف شعبوں میں فروغ دینے اور پاکستان کے شمالی علاقہ جات میں کاروبار کے مساوی مواقع تلاش کرنے کیلئے ہماری ٹیم نے سوات کا رخ کیا۔ان علاقوں کو پس ماندہ سمجھا جاتا ہے لیکن مال مویشی خصوصاً بھیڑ بکری کی افزائش کیلئے یہ ایک بہترین علاقہ ہے۔ چنانچہ اس علاقے سے زیادہ سے زیادہ فوائد کے حصول کیلئے آئی سی آئی پاکستان نے MDF (مارکیٹنگ ڈیولپمنٹ فیسیلیٹی ) کے ساتھ باہمی تعاون کے مرحلے کے آغاز سے چند ماہ قبل اس علاقے کا دورہ کیا۔ MDF آسٹریلوی حکومت کے فنڈز سے کام کرنے والا ایک فلاحی ادارہ ہے جو پاکستان میں گزشتہ تین سال سے کام کررہا ہے اوراس کا ہدف پاکستان کے دوردراز علاقوں میں غریب لوگوں کی معاشی حالت سدھارنے اور ترقی کے مواقع فراہم کرنے کیلئے ان علاقوں میں چھوٹے ڈیری فارمز قائم کرنا ہے۔

اس ہدف کے حصول کیلئے آئی سی آئی پاکستان اور MDF نے مل کر کے پی کے کے شمالی علاقہ جات میں مال مویشیوں کی بہتر نگہداشت سے متعلق آگہی پیدا کرنے کے کام کا آغاز کیا ہے۔ چنانچہ ماہ ستمبر کے آخری ہفتے میں آئی سی آئی پاکستان کی ٹیم نے MDF کے اشتراک سے سوات میں ڈیری فارمرز کے چھ بڑے اجتماعات اور ایک وٹرنری کے شعبے کے ماہرین کے اجلاس کا اہتمام کیا۔ یہ اجتماعات کبل، شین، فتح پور، جمبل، دردیال، مٹہ اور مینگورہ میں نہایت کامیابی کے ساتھ منعقد ہوئے۔ان میں تقریباً 500 چھوٹے ڈیری فارمرز اور پیرا ویٹ اسٹاف نے شرکت کی جس میں ان کو اپنے جانوروں میں جراثیم کے خاتمہ اور ان کیلئے متوازن خوراک کی اہمیت کے بارے میں تفصیل سے بتایا گیا۔

ڈیری فارمرز اور وٹرنری کے شعبے کے ماہرین کا پہلا اجتماع کبل میں ہوا جس میں 70 ڈیری فارمرز اور 10 ماہرین نے شرکت کی۔ اس کا آغاز ڈاکٹر شہزاد مجید، مارکیٹنگ اینڈ سیلز منیجر، لائیو اسٹاک کے استقبالیہ خطاب سے ہوا۔انہوں نے آئی سی آئی پاکستان اور اس کی اقدار کا تفصیلی تعارف پیش کیا۔اس کے علاوہ انہوں نے جراثیم سے نجات اور وانڈا کی اہمیت پر مختصر لکچر دیا جو آج کل لائیواسٹاک کیلئے ایک چیلنج ہے۔اس کے بعد ڈاکٹر شکیل، اسسٹنٹ پروڈکٹ منیجر نے ڈیری فارمرز کو جانوروں میں جراثیم کے خاتمے اور وانڈا کے بارے میں سمجھایا جو نہ صرف ان کے جانوروں کی صحت کے لئے اہم ہے بلکہ جانوروں کے دودھ میں اضافہ کا سبب بھی ہے۔





ڈیری فارمرز اور پیراویٹ کا دوسرا بڑا اجتماع مینگورہ میں ہوا جس میں 65 پیراویٹ اور وٹرنری ڈاکٹروں نے شرکت کی۔ڈاکٹر شکیل نے اس کا بہترین انتظام کیا تھا۔اس اجتماع کا بنیادی مقصد ڈاکٹروں اور پیراوٹرنری اسٹاف کی مقامی کمیونٹی کو اپنی موجودہ اور نئی جاری ہونے والی پروڈکٹ Moxyl LA اور Multivor کے بارے میں تفصیلاً بتانا تھا۔اس کے علاوہ MSD اور فارمر چوائس دوا Anthelmintic کے بارے میں تازہ ترین معلومات فراہم کیں جو جانوروں کے بیرونی اور اندرونی دونوں طرح کے جراثیم کے خاتمہ کیلئے اکثر استعمال ہوتی ہیں، کے بارے میں بھی بات کی اور اپنی پروڈکٹس کے بارے میں ملٹی میڈیا پر پریزنٹیشن کے ذریعہ سمجھایا۔

رفیع اللہ ریجنل سیلز منیجر نے وانڈا اور اس کے فوائد سے آگاہ کیا اور بتایا کہ کس طرح متوازن خوراک کے ذریعہ دودھ کی پیداوار میں اضافہ کیا جاسکتا ہے اور جانوروں کی پیداواری صلاحیت کو بڑھایا جاسکتا ہے۔ وٹرنری کے شعبے کے ماہرین کی شرکت نے ڈیری فارمرز پر ایک نہایت اچھا تاثر قائم کیا اور شرکاء نے ان سے اپنے مویشیوں کے مسائل کے بارے میں تفصیل سے بات کی۔اس سے پتہ چلتا ہے کہ بہترین تاثر قائم کرنے کیلئے وٹرنری کے شعبے کے ماہرین کو آگہی کے پروگرام میں شریک کرنا کتنا اہم ہے۔

اس کے علاوہ علاقے میں ڈی وورمر کے تعارف پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، ہماری سیلز ٹیم نے سوات کے پانچ مختلف علاقوں میں ڈیری فارمرز کے اجتماع کا اہتمام کیا۔ ہر اجتماع میں اوسطاً 60 ڈیری فارمرز نے شرکت کی جس میں جانوروں کے اندرونی اور بیرونی جراثیم کے بارے میں مکمل آگہی فراہم کی گئی جو جانوروں کے لئے بے حد خطرناک ہیں۔ جانوروں پر ان کے اثرات اور علامات پر بھی گفتگو ہوئی اور بتایا گیا کہ ہر تین ماہ بعد ان جراثیم کا باقاعدگی کے ساتھ خاتمہ کرنا لازمی ہے۔ ڈیری فارمرز کو یہ بھی سمجھایا گیا کہ کس طرح وہ اپنے جانوروں کے دودھ میں اضافہ کرسکتے ہیں، نیز ان کا وزن بڑھانے، وقت پر مناسب حرارت دینے اور ایک متوازن خوراک دینے کی کیوں ضرورت ہے۔ متوازن خوراک میں میکرو اور مائکرو معدنیات شامل ہوں جو جانوروں کی اچھی کارکردگی کیلئے لازمی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ ڈیری فارمرز ہی ہمارے لئے اہمیت کے حامل ہیں کیونکہ اپنے جانوروں کے لئے ڈی وورمرز خریدنے کا فیصلہ بھی انہوں نے ہی کرنا ہے۔ ڈیری فارمرز کی بے حد حوصلہ افزائی کی گئی کہ وہ اس موقع کا بھرپور فائدہ اٹھائیں اور آئی سی آئی پاکستان اینیمل ہیلتھ کی پروڈکٹس اور ان کے استعمال کے بارے میں جو چاہیں سوال پوچھیں۔

ان اجتماعات سے بہترین نتائج حاصل کرنے کیلئے اینیمل ہیلتھ کی
















جانب سے ایک اسکیم کا بھی اعلان کیا جس کے مطابق مختلف مقدار میں ڈی وورمر کی خریداری پر مفت ڈرنچنگ گن اور وانڈا کے تین بیگ خریدنے پر جانوروں کو چارہ دینے والی کھرلی مفت ملے گی۔ان اجتماعات کے مقامات کو بینرز سے سجایا گیا، بروشر تقسیم کیئے گئے اور سب سے بڑھ کر ہر شریک کو تجربہ کیلئے وانڈا 20 kg کا بیگ بطور نمونہ پیش کیا گیا تا کہ اس علاقہ میں وانڈا کی مانگ اور فروخت میں اضافہ ہو۔

ان اجتماعات کی کامیابی کا سہرا جناب لیاقت علی اور جناب رفیع اللہ ،مینیجرز پشاور کے سر ہے جنہوں نے ان دور دراز علاقوں میں ڈیری فارمرز کو جمع کیا اور ہم نے ان میں وانڈا اور آئی سی آئی پاکستان اینیمل ہیلتھ کی دوسری اہم پروڈکٹس کی تشہیر کی۔ہم نے اپنی اہم وسیع رینج کی پروڈکٹ ڈی وورمر متعارف کروایا اور اپنے بروشرز کے ذریعہ ڈیری فارمرز کی رہنمائی کی۔

اس سرگرمی کا احسن مقصد چھوٹے ڈیری فارمرز کو معیاری خوراک اور جانوروں کی دوا Drench پلانے کے بارے میں ان کی معلومات میں اضافہ کرنا تھا اور اس کے ساتھ ساتھ جانوروں کی صحت سے متعلق اہم معلومات فراہم کرنا تھا۔آئی سی آئی پاکستان پورے ملک میں ڈیری فارمرز کیلئے خدمات انجام دے رہا ہے اور صف اوّل کی کمپنی ہونے کی حیثیت سے آئی سی آئی پاکستان نے ایسے اجتماعات اور اجلاس کا اہتمام کر کے چھوٹے ڈیری فارمرز کیلئے بھی آ گہی مہم کا آغاز کیا ہے۔



اینیمل ہیلتھ ڈویژن

آپ کا مویشی۔آپ کا سرمایہ

# کاروبار میں جدّت اور مویشیوں کی دیکھ بھال سے متعلق شراکت کا معاہدہ

رپورٹ: ڈاکٹر شکیل خان (اسسٹنٹ پروڈکٹس منیجر لائیو اسٹاک)

آئی سی آئی پاکستان نے مارکیٹ ڈیولپمنٹ فیسیلیٹی (ایم ڈی ایف حکومتِ آسٹریلیا) کے اشتراک سے اگست 2016 میں ایک نیا قدم اٹھایا ہے۔جس کا مقصد ایک ایسا مضبوط معاون نظام مہیا کرنا ہے جو خیبر پختونخوا کے دور دراز علاقوں میں معلومات پہنچانے کا طریقہء کار وضع کرنے کے ساتھ ساتھ وانڈا اور جراثیم کش ادویہ کی مارکیٹنگ کی سہولتیں فراہم کرنے میں بھی مددگار ہو۔اس اشتراک سے فوائد حاصل کرنے کیلئے دونوں شرکاء نے متوازن خوراک، ادویہ اور فارم کے انتظامات سے متعلق اپنے مطلوبہ صارفین کوتعاون پیش کرنے کا عزم کیا ہے۔



# ویڈیو دستاویزی پروگرام

آئی سی آئی پاکستان اور ایم ڈی ایف کے مشترکہ پروگرام کے تحت ویڈیو/دستاویزی پروگرام کی ٹیم بھی ہماری شریکِ سفر تھی جو کے پی کے ریجن کے دور دراز علاقوں میں جانوروں میں جراثیم کے خاتمہ اور معیاری خوراک کے سلسلے میں منعقد ہونے والے اجتماعات کی ریکارڈنگ کے لئے گئی تھی۔اس دستاویزی ویڈیو کے ذریعے ڈیری فارمرز کو جانوروں کیلئے وانڈا اور ڈی وورمنگ کے استعمال کے فوائد سے آگہی میں مدد ملے گی۔اس ویڈیو میں ڈیری فارمرز کو جانوروں کو خوراک دینے کے مروجہ طریقہء کار میں بہتری کیلئے آگہی دی گئی ہے جس سے وہ بہتر فائدہ حاصل کر سکیں گے۔یہ ویڈیو، سیمینارز کے دوران میں معلومات پہنچانے کا موثر ذریعہ ہے جو اس خطے میں اور اس الگ تھلگ آبادی کے علاقوں میں منعقد کئے جائیں گے اُمید ہے کہ اس سرگرمی سے لوگوں کی دلچسپی بڑھے گی اور چھوٹے ڈیری فارمرز کو فروغ حاصل ہوگا ہے جو ان کی آمدنی میں اضافہ کا سبب بنے گا۔اس طرح ان علاقوں میں ہم اپنی پروڈکٹس (وانڈا اور ڈی وورمرز) کی بہتر مارکیٹ حاصل کر سکیں گے۔


اس ویڈیو کا مقصد کسٹمرز کو اس بات سے آگاہ کرنا ہے کہ آئی سی آئی پاکستان، جو معروف ترین نام ہے، اپنے کسٹمرز کو نتیجہ خیز پروڈکٹس فراہم کر رہا ہے۔کمپنی مختلف قسم کی پروڈکٹس پیش کرتی ہے جن میں وانڈا اور جانوروں کے اندرونی/بیرونی جراثیم مارنے والی دوائیں جو جانوروں سے متعلق ان کے مسائل کا موثر حل ہیں۔اس ویڈیو میں آئی سی آئی پاکستان کی اینیمل ہیلتھ ٹیم کی فارمرز کے اجتماعات کی جھلکیاں بھی شامل کی گئی ہیں جن سے یہ پتہ چلتا ہے کہ ہم صرف اپنے منافع بخش کاروبار کے فروغ کیلئے ہی کام نہیں کرتے بلکہ اپنے کسٹمرز کی قدر کرتے ہیں اور ان کی بہتری کیلئے کوشاں رہتے ہیں تا کہ ان کے ساتھ ہمارا تعلق مدت تک قائم رہے۔

اینیمل ہیلتھ ڈویژن
آپ کا مویشی ۔آپ کا سرمایہ

# PVDP (این جی او) کے زیرِ اہتمام مفت ڈیوورمنگ کیمپ اور وانڈا کی تقسیم کی تقریب

رپورٹ: ڈاکٹر دلیپ کمار (ایریا منیجر حیدر آباد)








اینیمل ہیلتھ ڈویژن نے وانڈا کی تقسیم کی ایک تقریب تھرپارکر کے ڈیری فارمرز کیلئے منعقد کی اور ایک مفت وٹرنری کیمپ کا اہتمام کیا۔ وانڈا کی تقریب ہالینڈ کی فلاحی تنظیم کنسرن ورلڈ وائیڈ نے یو ایس ایڈ کے فوری امداد کے پروجیکٹ آر ایف کے تحت مقامی فلاحی تنظیم پی وی ڈی کے تعاون سے تھرپارکر کے ضلع مٹھی، تعلقہ اسلام کوٹ، یوسی باپوہار کے گاؤں وی ہنگورجہ میں منعقد کی۔ اس میں 4 گاؤں کے دور تک پھیلے ہوئے 478 مکانوں کا احاطہ کیا گیا تھا۔ اس میں 3468 چھوٹے اور 132 بڑے جانوروں کیلئے وانڈا پلیٹ کے بیگ تقسیم کئے گئے جبکہ آئی سی آئی پاکستان اینیمل ہیلتھ کی ٹیم کی جانب سے ڈیری فارمرز کے 3500 سے زائد چھوٹے اور 1000 سے زائد بڑے مویشیوں کی مفت ڈی ورمنگ کی گئی تا کہ ان مویشیوں کے جسم میں موجود نقصان دہ جراثیم ختم ہوں اور وانڈا اپنا صحیح کام کر سکے۔ واضح رہے کہ ہمارے مویشیوں کی صحت کی خرابی کی وجہ ان کے پیٹ میں موجود وہ کیڑے اور جراثیم ہوتے ہیں جو اچھی غذا کھانے کے باوجود مویشی کو صحت مند نہیں ہونے دیتے۔ وانڈا کے بہترین نتائج حاصل کرنے کیلئے مویشیوں کی ڈی ورمنگ بہت ضروری ہے۔

آر ایف پروجیکٹ کی فیلڈ ٹیم نے غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مقررہ وقت میں تقسیم کا ہدف حاصل کرلیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈپٹی کمشنر II، ڈپٹی ڈائریکٹر، لائیواسٹاک ڈپارٹمنٹ، ضلع تھرپارکر اور تعلقہ اسلام کوٹ وٹرنری انچارج ڈاکٹر گھنشیام داس نے اپنی تقریر میں آئی سی آئی پاکستان کے تحت ڈیوورمنگ کیمپ کے انعقاد کو سراہا اور تمام شریک ڈیری فارمرز کو وانڈا اور ڈیموورمنگ کے بارے میں رہنما ہدایات سے فائدہ اٹھانے کا مشورہ دیا۔ اس تقریب میں کنسرن ورلڈ وائڈ کی ٹیم اور PVDP ہیڈ آفس کی سینئر منیجمنٹ، آئی سی آئی پاکستان کے ڈاکٹر دلیپ کمار، ایریا منیجر انیمل ہیلتھ بھی موجود تھے۔ عرفان حیدر نے ڈیوورمرز کے فوائد اور خصوصیات بیان کیں اور جانوروں کو ڈیوورمرز کی صحیح خوراک دینے کی رہنما ہدایات دیں۔ تمام شرکاء نے آئی سی آئی پاکستان کی ٹیم کی کارکردگی کو بے حد سراہا۔

اینیمل ہیلتھ ڈویژن


آپ کا مویشی۔ آپ کا سرمایہ



# اونٹوں کی دیکھ بھال اوران کی تولیدی صحت





اونٹوں کی دیکھ بھال، پرورش اوران کی تولیدی صحت کے بارے میں سندھ ایگریکلچر یونیورسٹی، ٹنڈو جام میں ایک سمپوزیم کا انعقاد ہوا۔ اس سمپوزیم کا افتتاح ہائر ایجوکیشن کمیشن، اسلام آباد کے ایگزیکیٹیو ڈائریکٹر، پروفیسر ڈاکٹر غلام رضا بھٹی نے کیا۔ اس موقع پرآپ نے حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے اس سمپوزیم کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ آپ نے سندھ ایگریکلچرل یونیورسٹی کی ٹیم کو اس تقریب کے انعقاد پر مبارکباد دی اورشرکاء کو اپنے غیر ملکی تعلیمی دورے میں لائیواسٹاک پر کام کے دوران میں اونٹوں سے متعلق حاصل ہونے والی اہم معلومات سے آگاہ کیا۔ اس کے بعد یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر مجیب الدین میمن نے مختلف علاقوں سے اس سیمینار میں آنے والے اونٹوں کے مالکان کو خوش آمدید کہا۔ اپنی تقریر میں انہوں نے کہا کہ اونٹ کو ریگستان کا جہاز کہا جاتا ہے اور یہ جانور اپنی صحت، اونچائی میں منفرد اور نقل وحمل کا بہترین ذریعہ سمجھا جاتا ہے صحت کے حوالے سے ان کی کارکردگی کی بہتری کیلئے مزید کوششوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سندھ ایگریکلچرل یونیورسٹی کی ٹیم پوری لگن سے اس کمی کو پورا کرنے میں مصروف عمل ہے۔ جرمنی سے آئے ہوئے پروفیسر برنڈ ہافمین (Bernd Hoffman) نے انکشاف کیا کہ دنیا میں کئی جگہ اونٹ کی افزائش نسل پر کام ہو رہا ہے اور ماہرین اس کی افزائش اور دیکھ بھال کیلئے مختلف ٹیکنیکس استعمال کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر مشتاق اے میمن (USA) نے اس سلسلے میں اپنی معلومات سے آگاہ کیا اور کہا کہ اس جانور کو عموماً نظر انداز کیا جاتا ہے۔ اس کی افزائش نسل کیلئے منصوبہ بندی کی ضرورت ہے۔ ان کے علاوہ پروفیسر محمد اسلم عقیلی، وائس چانسلر، مہران یونیورسٹی آف انجنیئر نگ اینڈ ٹیکنالوجی، جامشورو؛ پروفیسر خدا بخش میر بحر، وائس چانسلر، شہید بینظیر بھٹو وٹرنری یونیورسٹی، سکرنڈ، ڈاکٹر اسداللہ قاضی، چانسلر، اسراء یونیورسٹی، پروفیسر اے ایس جمال پالی، پروفیسر ڈاکٹر نور محمد سومرو، چیئرمین اور ڈاکٹر پرشوتم کھتری سیکرٹری سمپوزیم آرگنائزنگ کمیٹی، ڈاکٹر علی اکبر سومرو، ڈی جی لائیواسٹاک، پروفیسر ڈاکٹر اسماعیل کمبھر اور دیگر افراد نے بھی تقریب کے شرکاء سے خطاب کیا۔

اس سمپوزیم میں پہاڑی صحرائی اور ساحلی علاقوں سے بڑی تعداد میں اونٹ کے مالکان کے علاوہ یو ایس اے، جرمنی، یو اے ای اور سندھ کی مختلف یونیورسٹیز سے تحقیق کاروں اور ماہرین نے گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور اس سلسلے میں صوبہ سندھ میں تازہ تحقیق کے حوالے سے اپنے خیالات سے آگاہ کیا۔ اپنے موضوع کی نوعیت کے حوالے سے یہ ایک منفرد سمپوزیم تھا جو کہ پاکستان میں پہلی مرتبہ منعقد کیا گیا۔ جس میں 200 سے زائد افراد نے شرکت















کی۔اونٹوں کے بارے میں منعقدہ اس سمپوزیم میں آئی سی آئی پاکستان اینیمل ہیلتھ حیدرآباد کی ٹیم نے اپنی تمام پروڈکٹس کا اسٹال بڑی خوبصورتی سے سجایا۔تمام وفود آئی سی آئی پاکستان اینیمل ہیلتھ کے اسٹال پر تشریف لائے جہاں ایریا مینیجر لائیو اسٹاک، دلیپ کمار نے انہیں لائیو اسٹاک کی بہتری میں آئی سی آئی پاکستان کمپنی کے کردار کے بارے میں مختصراً بتایا۔ڈیری فارمرز، پیشے سے وابستہ افراد، پروفیسر برنڈ ہافمین، جرمن اسکالر اور ڈاکٹر مشتاق اے میمن، یو ایس اے، نے آئی سی آئی کی پاکستان میں بہترین معیار کی پروڈکٹس اور ان کی کاوشوں کو سراہا۔اس تقریب میں مختلف اداروں نے اپنے اسٹال لگائے۔اس موقع پر آئی سی آئی پاکستان اینیمل ہیلتھ ٹیم نے سندھ ایگریکلچر یونیورسٹی ٹنڈو جام کے اشتراک سے ایک خوبصورت کلچرل میوزک پروگرام کا اہتمام کیا جس میں روایتی موسیقی سے اور اس کے بعد پرتکلف ڈنر میں روایتی کھانوں سے شرکاء کی تواضع کی گئی۔

ڈاکٹر دلیپ کمار دہرانی، ایریا مینیجر اور آئی سی آئی پاکستان اینیمل ہیلتھ ٹیم نے پروفیسر ڈاکٹر مجیب الدین میمن، وائس چانسلر کا شکریہ ادا کیا اور ان کو یادگار شیلڈ پیش کی۔








انیمل ہیلتھ ڈویژن

آپ کا مویشی۔ آپ کا سرمایہ

# انیمل ہیلتھ ٹیم کا اجلاس اور مستقبل کی حکمت عملی

آئی سی آئی پاکستان انیمل ہیلتھ ڈویژن نے پرل کونٹی نینٹل مظفرآباد کے پرسکون ماحول میں بزنس سائیکل میٹنگ کا اہتمام کیا جو19 سے 21 ستمبر 2016 تک جاری رہی۔ اس کا مقصد ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کرنا تھا جس میں انتظامیہ اور سیلز ٹیم کے 250 ممبر ایک جگہ اکٹھے ہوں اور ایک دوسرے کو اپنے قیمتی تجربات سے آگاہ کریں جس کے نتیجے میں کارکردگی میں بہتری آسکے۔ اس موقع پر بزنس منیجر صبور احمد نے افتتاحی تقریر میں2015-16 میں کاروبار کی خاص خاص باتوں کے علاوہ 2016-17 کے مطلوبہ اہداف اور YTD 2016-17 کی پہلی سہ ماہی میں شعبے کی کارکردگی کے بارے میں بتایا۔ انہوں نے ٹیم کے ساتھ کاروبار کی ترقی کے منصوبوں پر بھی گفتگو کی جس میں فیڈمل کے متوقع قیام، پولٹری فیڈ کے شعبہ کے آغاز، فارمرز چوائس اینٹی بایوٹک پورٹ فولیو میں توسیع اور نئی جاری کی جانے والی کوجنٹ (Cogent) کی بوون جینٹکس (Bovine Genetics) رینج کا تذکرہ بھی کیا گیا۔ اس موقع پر سپلائی چین منیجر ہارون ملک نے روڈ سیفٹی کے بارے میں ایک پریزنٹیشن دی۔ بعدازاں سیلز ٹیم کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا جن کے سربراہ پروڈکٹ منیجر ڈاکٹر عمر ستار، ڈاکٹر رضوان افضل اور ڈاکٹر شکیل احمد مقرر کیئے گئے۔ انہوں نے بزنس کی لیڈنگ پروڈکٹس کے بارے میں تازہ ترین معلومات فراہم کیں اور2016-17 کی دوسری سہ ماہی کیلئے مارکیٹنگ اور سیلز کی حکمت عملی سے متعلق ان کی تربیت کی۔ تربیت کے بعد اس کے موثر ہونے کی جانچ کیلئے تمام ٹیموں کے درمیان پروڈکٹ کے بارے میں معلومات اور قابلیت کے حوالے سے کوئز مقابلہ بھی ہوا۔

ہمارے پولٹری کے شعبہ نے مارکیٹ میں درپیش نئی ضروریات کے پیش نظر Meryue Labs کی پروبایوٹک رینج کی پروڈکٹس Lactigrow اور Growforte کا اجرا کیا۔ اس کے علاوہ Mycoplasma کے بڑھتے ہوئے چیلنج کے مقابلے کیلئے بائیولوجیکل رینج کی FVAX MG-Vaccine متعارف کروائی گئی۔ نیز مارکیٹ میں فارمرز چوائس کی پوزیشن مضبوط کرنے کیلئے اینٹی بایوٹک کی ملی جلی پروڈکٹس کا بھی اجرا کیا گیا جس کو Co-Spira کے نام سے ٹیم میں متعارف کروایا گیا اس طرح ٹیم میں دلچسپی کے ساتھ سیکھنے کا ماحول پیدا ہوا۔ اس ماحول کو مختلف معاون سرگرمیوں کے ذریعہ مزید تقویت دی گئی۔ جن میں کیس اسٹڈیز، کوئز، پریزنٹیشنز اور تصدیقی کوئز شامل تھے۔ اس کے علاوہ سیلز ٹیم کو اپنے مسائل اور مارکیٹ کی صورتحال کے بارے میں گفت وشنید کا موقع ملا جو انہیں مارکیٹ کی موجودہ صورتحال کو سمجھنے اور آئندہ کی حکمت عملی تیار کرنے کیلئے مددگار ہوگا۔



















لائیواسٹاک کے شعبہ میں ایک جامع پریزنٹیشن کے ذریعہ معاون دواؤں، کارپوریٹ اور موسم کے مطابق کمرشل ڈیری پروڈکٹس کے بارے میں تازہ ترین معلومات فراہم کی گئیں اوراس سے متعلق سیلز ٹیم کے سوالات کے جواب دیئے گئے۔اس طرح یہ ایک موثر اجلاس تھا جس کے ذریعے ٹیم کو اگلی سہ ماہی کیلئے مارکیٹنگ کی حکمت عملی کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد ملی۔ٹیم کی ماہرانہ اہلیت کو جانچنے اور اجاگر کرنے کیلئے تیسرے دن فرنٹ لائن کو رول پلے کے ذریعہ مصروف رکھا گیا۔

اس تقریب میں ہیومین ریسورس ڈپارٹمنٹ کی مس زویا اسد اور مس رہوندا فرنینڈس نے بھی اہم کردار ادا کیا اور پوری ٹیم کو کمپنی کی جانب سے دی مراعات اور سہولتوں کے بارے میں پریزنٹیشن دی اور ان کے استفسارات کے جواب دیئے۔اس کے بعد شام کو وائس پریزیڈنٹ جناب سمیع کشمیری نے سیلز اور مارکیٹنگ ٹیم کی قیادت کے ساتھ ملاقات کی جس میں ان کے مسائل کو سمجھنے اور کاروبار کے مستقبل کی توقعات کے بارے میں گفت وشنید ہوئی۔ان اجلاسوں کے دوران میں مختلف آئیڈیاز بھی زیرِ بحث آئے جن پر کام کیلئے ٹیم کی مصروفیات میں اضافہ ہوگا۔

اس اجلاس میں تقسیم انعامات کی تقریب سب سے نمایاں تھی جس کے آغاز میں سامعین کو HSE&S کی رہنما ہدایات سے آگہی دی گئی۔اس کے بعد بزنس منیجر صبور احمد نے استقبالیہ خطاب کیا۔ بعد ازاں وائس پریزیڈنٹ لائف سائنسز بزنس اینڈ اسٹریٹجی سمیع کشمیری اور بزنس منیجر صبور احمد نے 2015-16 میں بہترین کارکردگی دکھانے پر سیلز اور مارکیٹنگ ٹیم کے ممبرز میں 30 ملین روپے کے نقد انعامات تقسیم کئے۔اس کے بعد جناب سمیع کشمیری نے سیلز ٹیم کے ساتھ گفت وشنید کی اور بہترین کارکردگی پر ان کو مبارکباد دی اور کہا کہ انہوں نے ٹیم کی انتھک محنت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کے تعاون کے بغیر اہداف کا حصول ممکن نہ تھا۔مستقبل میں کاروبار کو نئی بلندیوں تک لیجانے کیلئے ان کو اور زیادہ محنت کرنے کی ضرورت ہے۔

رات کو پرتکلف ڈنر اور ٹیلنٹ شو کا اہتمام کیا گیا جس میں تمام ٹیم ممبرز نے بڑے جوش وخروش کے ساتھ شرکت کی۔مجموعی طور اس تقریب سے سب ہی خوب لطف اندوز ہوئے۔










اینیمل ہیلتھ ڈویژن

آپ کا مویشی۔آپ کا سرمایہ

# پولٹری ڈپارٹمنٹ کی جانب سے سیمینار

آئی سی آئی پاکستان اینیمل ہیلتھ ڈویژن کے پولٹری ڈویژن نے 30 ستمبر 2016 کو ضلع گوجرانوالہ میں ایک سیمینار کا اہتمام کیا۔اس سیمینار میں کل 35 افراد نے شرکت کی۔اس سیمینار کا مقصد موجودہ اور نئے متوقع کسٹمرز کے ساتھ خوشگوار تعلقات قائم کرنا تاکہ پروڈکٹ کے بارے میں ان میں آگہی پیدا اور ان کو ہماری پروڈکٹس کے استعمال کی ترغیب دی جائے۔اس پروگرام میں شرکاء کے ساتھ زیادہ تر جانوروں کے نظام حیات اور غذائیت سے متعلق پروڈکٹس کے بارے میں تفصیلی گفت وشنید ہوئی۔سیمینار کا آغاز تلاوت قرآن سے ہوا جس کے بعد پروڈکٹ منیجر ڈاکٹر رضوان افضل نے ایچ ایس ای کے بارے میں پریزنٹیشن دی۔

یہ پریزنٹیشن ہماری پروڈکٹس Avi Vit 33 Avi Vit 200 اور Selenobooster Hepatobooster کے بارے میں تھی۔ڈاکٹر رضوان نے ان کے استعمال، خوراک کی مقدار، علامات اور احتیاطی تدابیر کے بارے میں حاضرین کو وضاحت سے بتایا۔ان پروڈکٹس اور ان کی معلومات سے ہمارے کسٹمرز بہتر نتائج حاصل کرسکتے ہیں۔اس کے بعد ایریا سیلز منیجر، گوجرانوالہ، ڈاکٹر جنید نے فارمر چوائس پروڈکٹس اور ان کے استعمال سے متعلق معلومات فراہم کیں۔

اس تقریب کی خاص بات نیشنل فیڈ کے زونل منیجر ڈاکٹر طاہر نے اپنے تجربات پر مبنی قیمتی معلومات سے شرکاء کو آگاہ کیا۔ان کے علاوہ زونل منیجر ایس بی، فیڈز ڈاکٹر عمران نے بھی حاضرین سے گفت وشنید کی۔

تقریب میں ایک بڑے پولٹری فارم جس کے مالک اشرف صاحب بھی موجود تھے۔جس کے فارم میں 50,000 سے زائد چوزے ہروقت موجود رہتے ہیں۔ڈاکٹر رضوان نے انھیں تفصیل سے آئی سی آئی پاکستان اینیمل ہیلتھ پولٹری ڈویژن کی مختلف پروڈکٹس کے بارے میں تفصیل سے بتایا اور ان کے استعمال کا مشورہ بھی دیا۔جو نہ صرف اپنی ساکھ کے اعتبار سے مشہور ہیں بلکہ یہ کسٹمر کی ضروریات اور ان کی ترجیحات کے مطابق تیار کی گئی ہیں۔آخر میں سوال و جواب کا ایک تفصیلی سلسلہ ہوا جس میں آئی سی آئی پاکستان اینیمل ہیلتھ ٹیم کے ایریا سیلز منیجر جنید اور پروڈکٹ منیجر ڈاکٹر رضوان نے حاضرین کے سوالوں کے تسلی بخش جواب دیئے اور ان کے ذہنوں میں موجود شکوک وشبہات کو دور کیا۔شرکاء کیلئے ناشتے کا بھی انتظام تھا جس کے درمیان بھی سوال وجواب کا یہ سلسلہ جاری رہا۔

مجموعی طور پر یہ سیمینار نتیجہ خیز ثابت ہوا جس میں سیکھنے کا ایک ماحول پیدا ہوا اور کسٹمرز اور منیجرز کو ایک دوسرے کے ساتھ گھل مل کر گفتگو کرنے کا موقع ملا اور انہوں نے ایک خوشگوار دوستانہ ماحول میں مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔








فارماڈویژن

# دل کی بیماریوں کے بارے میں موجودہ طرزِ عمل اور انتظامات پر ورکشاپس









گزشتہ چند دہائیوں میں لائف سائنسز بزنس ، فارماسیوٹیکل ڈویژن کے کارڈیوویسکولر ونگ نے اعلیٰ معیار کی پروڈکٹس متعارف کرواکر اور صارفین کو ان کی توقع سے بڑھ کر فوائد پیش کر کے مارکیٹ میں اپنی ساکھ قائم کرلی ہے۔اس طرح نہ صرف اپنی کمپنی کی ساکھ بنائی ہے اور صارفین کی منتخب پروڈکٹ بنادیا ہے بلکہ یہ ملک بھر میں ماہرینِ صحت کیلئے مستند اور بااعتماد معلومات کا ذریعہ بن گیا ہے۔اس ساکھ میں مزید اضافہ کی غرض سے ورکشاپس کے ایک سلسلے کا آغاز کیا گیا جس میں فیملی فزیشنز کو دل کی بیماریوں کے علاج میں جدید پیش رفت کی معلومات فراہم کرنے کا موقع دیا گیا۔

دل کی بیماریوں سے متعلق ورکشاپس کا مقصد پاکستان کے معروف کارڈیولوجی کے اداروں کے ماہرین سے رابطہ کر کے ایک مثبت تاثر کو وسعت دینا تھا جو فارماڈویژن کے کارڈیوویسکولر ونگ نے تخلیق کیا ہے۔اگست کے مہینے میں ملک بھر میں کل 9 ورکشاپس منعقد کی گئیں جن میں صحت کی دیکھ بھال سے متعلق بعض نامور اور مستند ماہرین نے شرکت کی۔ان ورکشاپس میں طب کے ماہرین نے دل کی صحت کے بنیادی مسائل پر گفت وشنید کی گئی۔ان ورکشاپس میں متعلقہ شہروں کے مشہور فیملی فزیشن نے شرکت کی جس سے سیکھنے کا عمدہ ماحول اور لوگوں میں دل کی بعض عام بیماریوں کے مسائل کے حل کے بارے میں گفت وشنید ہوئی۔

اگست کے مہینے میں ان ورکشاپ کے سلسلے کا آغاز کراچی میں ورکشاپ کے انعقاد سے ہوا۔کراچی میں دو ورکشاپس منعقد ہوئیں جن میں ڈاکٹر فواد فاروق اور ڈاکٹر اشتیاق رسول نے شرکت کی۔ اس کے بعد فیصل آباد میں ڈاکٹر عبدالحفیظ چوہدری، سرگودھا میں ڈاکٹر محمد نعیم اسلم، سکھر میں ڈاکٹر راج کمار، پشاور میں ڈاکٹر رفیع اللہ جان، حیدرآباد میں ڈاکٹر سید فصیح احمد ہاشمی، لاہور میں ڈاکٹر کامران بابر اور اسلام آباد میں ڈاکٹر فیاض احمد شاہ نے شرکت کی۔ ان میں جن موضوعات پر گفتگو ہوئی ان میں ہائپر ٹینشن اور انتہائی مایوکارڈیئل انفرکشن کی ابتدائی علامات شامل تھے۔

**اقوالِ زریں**

**محبتوں کو ضرب دینا سیکھو! کبھی ختم نہیں ہونگیں**

ایگری ڈویژن

فصل شاندار۔ کاشتکار خوشحال

# ایڈوانٹا 406 اور کاشتکاروں کا اجتماع

رپورٹ سمیع اللہ

ایگری ڈویژن کا سبزیوں کا شعبہ صارفین کے اطمینان اور نتیجہ خیز طریقہء کار پر پختہ یقین رکھتا ہے۔ اس شعبہ کی ایک پروڈکٹ ایڈوانٹا 406 ہے۔ ہمارے ٹیم ممبرز نے مسابقتی منڈی میں پروڈکٹ کے ایک مضبوط تر مقام کیلئے پاکستان کے مختلف علاقوں میں بڑے بڑے کاشتکاروں کے اجتماع کے ایک سلسلہ کا اہتمام کیا۔ ہر نشست کا آغاز متعلقہ علاقے کے کاشکاروں کیلئے HSE کے پیغام سے ہوا جس کے بعد ملٹی میڈیا کے ذریعے پروڈکٹ کی خوبیوں اور فوائد کو اجاگر کیا گیا اور پروڈکٹ کی معلومات کو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک موثر طور پر پہنچانے کیلئے مقامی کاشتکاروں کے پروڈکٹ کے بارے میں خیالات اور تاثرات بھی شامل کئے گئے۔ یہ شعبہ کاشتکاروں میں یہ آگہی پیدا کرنے میں کوشاں ہے کہ وہ آئی سی آئی کی ہائی برِڈ اقسام کا استعمال کریں اور زراعت کے جدید طریقے اپنائیں تا کہ ان کو اچھی فصل حاصل ہو اور ان کی زندگی زیادہ بہتر ہو۔ کیونکہ ہمارا کہنا ہے کہ فصل شاندار تو کاشکار خوشحال۔ پاکستان بھر کے کاشتکار ایڈوانٹا 406 کے نتائج سے بے حد مطمئن ہیں۔ اس نشست کے آخر میں مختلف اقسام اور فصلوں کے مسائل اور تحفظات کے بارے میں سوال و جواب کا سلسلہ ہوا۔






## ایگری ڈویژن

### فصل شاندار۔ کاشتکار خوشحال

# اولالا کی تشہیری مہم





اولالا ایگروکیمیکلز پورٹ فولیو میں ہماری ایک خصوصی پروڈکٹ ہے۔ ہمارا عزم اولالا کو ایک طاقتور برانڈ بنانا ہے۔ مارکیٹنگ ٹیم نے سیلز اینڈ ڈیولپمنٹ ٹیم کی مدد کیلئے ایک ماس میڈیا مہم کا آغاز کیا۔ اس مہم میں ٹی وی، ایف ایم ریڈیو اور اخبارات میں اشتہارات، ہائی ویز پر وال پینٹنگ اور دیگر تشہیری مواد کا اجراء شامل تھا۔ سندھ اور پنجاب کے دوردراز علاقوں کے اہداف کیلئے کے ٹی این، وسیب ٹی وی چینلز کا انتخاب کیا گیا۔ کپاس کی پٹی کے قریبی علاقوں کیلئے چھ مختلف ایف ایم ریڈیو اسٹیشنز سے اشتہارات نشر کئے گئے۔ اس کے علاوہ پروڈکٹ کے بارے میں آگہی پیدا کرنے اور اس کی طلب میں اضافہ کیلئے پاکستان بھر میں اولالا کے 1000 سے زائد مقامات پر پروڈکٹ کی نمائش کا منصوبہ تیار کیا گیا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ ان سرگرمیوں سے ہمیں کاروباری مقاصد کے حصول میں مدد ملے گی اور اولالا کاشتکاروں کیلئے ایک فائدہ مند برانڈ ثابت ہوگا کیونکہ ہم کہتے ہیں کہ فصل شاندار تو کاشتکار خوشحال۔



ایگری ڈویژن

فصل شاندار۔کاشتکار خوشحال

# کپاس چننے والوں کیلئے ایچ ایس ای کا تربیتی پروگرام

زرعی شعبہ پاکستان کی معیشت کا اہم ترین حصہ ہے کیونکہ یہ ہر طرح کی صنعتوں کو خام مال مہیا کرتا ہے اور غربت کے خاتمے میں مدد دیتا ہے۔اس شعبہ سے ملک کے سب سے زیادہ کارکن اور محنت کش وابستہ ہیں جو ملک کے کل کارکنوں کا 42.3 فیصد ہیں۔دنیا بھر میں زراعت سے متعلق افرادی قوت میں خواتین کو ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے۔پاکستان میں بھی خواتین زرعی فصلوں کی پیداوار میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔پاکستان میں زرعی شعبہ کے کارکنوں میں 43% خواتین شامل ہیں اور اس طرح یہ ملکی ترقی میں مردوں کے شانہ بہ شانہ ہیں۔مختلف فصلوں کی بوائی سے لے کر کٹائی تک کاشتکار بلا مبالغہ انہی ہنرمند خواتین مزدوروں پر انحصار کرتے ہیں۔لیکن اس شعبہ میں کمزوری آتی جارہی ہے کیونکہ زرعی اور دیہی معیشت کے اس عام اور اہم ذریعہ یعنی خواتین صحت کے گوں ناگوں مسائل کا شکار ہیں جس کی وجہ سے ان کی کارکردگی متاثر ہورہی ہے۔

ان خواتین کارکنوں اور خصوصی طور پر کپاس چننے والیوں میں، فصلوں پر کیڑے مار دواؤں کے استعمال سے زیادہ متاثر ہونے کا خطرہ ہے، ایچ ایس ای سے متعلق آگہی پیدا کرنے کیلئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ۔ ایگری ڈویژن نے آگہی اور تربیتی نشستوں کا اہتمام کیا۔یہ نشستیں ملتان اور بہاولپور ریجن میں کپاس چننے والی خواتین کیلئے منعقد کی گئیں جو پاکستان میں کپاس کی پیداوار کے سب سے بڑے علاقے ہیں۔ ان نشستوں میں تقریباً 80 خواتین کارکنوں نے شرکت کی۔

اس پروگرام میں کیڑے مار دواؤں کے استعمال والے کھیتوں میں کام کرنے والوں کو صحت کے مسائل سے آگہی اور ان سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر کے بارے میں بتایا گیا۔خواتین کو واضح کیا گیا کہ چند احتیاطی اقدامات سے وہ نہ صرف خود کو خطرناک بیماریوں سے محفوظ رکھ سکتی ہیں بلکہ اپنے خاندان کی کفالت کیلئے زیادہ عرصے تک کام کرسکتی ہیں۔ان پروگراموں کے شرکاء کے درمیان سووینیئرز اور اینٹی بیکٹریل صابن تقسیم کئے گئے۔ مقامی کاشتکاروں نے آئی سی آئی پاکستان ۔ ایگری ڈویژن کی اس فلاحی کاوش اور اس نوعیت کے پروگرام میں پہل کرنے والی کمپنی کی حیثیت سے اس کی تعریف کی۔






ہمقدم

Published by Corporate Communications & Public Affairs Department
ICI House, 5 West Wharf, Karachi, 74000
Designed by AA Graphics /